نہین زیادہ بات ہے یہ مختصر / سر کٹا یا چھوڑ دے میرا نگر
جو نہ تھا وہ عشق پر ثابت قدم / شہر سے جانا قبولا ایک دم
جب کہا وہ شہر سے جاؤن مگر / شاہ نے بولا کہ ڈالو کاٹ سر
تب کہا لوگون نے اے عالم پناہ / کس سبب سر کاٹتے ہین بیگناہ
پس کہا شہ نے کہ یہ عاشق نتھا / عاشقی کی راہ مین صادق نتھا
گر اسے کچھ عشق کا ہوتا اثر / وہین کھڑا رہتا کہ ڈالیے کاٹ سر
جسکو سر معشوق سے پیارا ہوا / عاشقی کی پیت سے نیارا ہوا
سر کٹانا گر وہ کرتا اختیار / مین بھی کرتا اُسپہ اپنی جان نثار
جب نہین عاشق وہ دعوی دار تھا / سر کٹانا اُسکا بہتر کار تھا
یہ کیا مین کام یون ای نیک خوئی / تا جھوٹا دعوی کرنے پر اور کوئے

حکایت سوال کردن مرغ پنجم

پانچوان پنچھی ہوا یون عذر خواه / یہ مرا ہے نفس دشمن آہ آہ
کس طرح سے مین چلون تیرے سنگات / راہ کے رہزن کو لیکر اپنے سات
نہین کرے یہ نفس کب فرمانبری / اس کو نہین سیری ہے مجھکو جابری
لانڈگا ہوگا جنگل کا آشنا / یہ کونا گھر کا ہے نت نا آشنا
مجکو تو ایسا عجب آتا ہے یو / آشنا کو کاٹ کیون کھانا ہے یو

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد کہ یہ نفس لعین / ہے کتا بدخوے و نجس یقین
گر کھانے تجکو کوئی با ہی / تب کتا پاتا ہے تیرا فربہی
دیکھ تیری عمر کا سارا حساب / تین پن تینون سو تیرے ہین خراب
چھوٹ پن مین ہی تجھے نادانگی / اور جوانی مین تجھے دیوانگی
بوڑھے پن مین ناتوانی کاہلی / ہے تجھے مدرسہ منے بیجا اصلی
عمر تو ناچیز ہو گئی اس وضع / یہ کتا آراستہ کو کس وضع
اس کتے کی ہے جہان مین کوئی بدی / حیف اپنے دل مین نہین کہا یکدھی
مر گئے ہین کئی ہزار عالم وہین / یہ کتا کافر نہین مرتا کہین

حکایت سوال کردن از گورکن

کوئی مردِ گورکن تھا کہنہ سال / پس کیا کس شخص نے اُس سی سوال
گئی ہے قبران کھودتے تیری عمر / کچھ عجائب تجکو آیا ہے نظر
گورکن بولا کہ دیکھا اک عجب / یہ نچھر سا نفس ہیگا بے ادب
کھودتے قبرون پچھا کرین موا / ایک دم طاعت مین رب کی نہین ہوا

حکایت حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ایک دن عباسؓ مجلس مین کہے / یہ جہان گر کافرون سے بھر رہے
اور دنیا کے جہاں تک ہوا فضول / صدق اپنے سے کرین ایمان قبول
ہوسکے یہ بات اما نفس یو / پاوے ناہرگز مسلمانی کی بو
کئی ہزارون آئے ہین پیغمبران / معجزے دکھلائے ہین کئی کئی بران
سخت کافر ہے یہ نفسِ پُرغرور / مارنے سے نین مرے ناہووے دور
بسکہ کافر پروری ہین ہین ہین / نفس کی فرمانبری ہین ہین ہین
دل تو اک رہوار کا اسوار ہے / ساتھ اسکے یہ کُتا مردار ہے
دوڑتا میدان مین وہ ہے جتا / لگ کے اُسکے ساتھ رہتا ہے کُتا
سوار کو ملتا ہے جتنا کچھ شکار / یہ بھی ہوجاتا ہے اسمین حصہ دار
اس کُتّے کو جو کیا میر سے بند / جگ کے شیرونپر سے ڈالا وہ کمند
اس کُتّے کو جسنے عاجز کر رکھا / نعمتِ حق کا اونے لذت چکھا
اس کُتّے کو باندھ لایا جو کوئی / قہر کو پھاند سبسے بے پرواہ ہوئی

حکایت یکے بادشاہ کہ نزدیک درویش رفتہ بود و درویش برو خیال نہ کرد

کس گدا پر بادشاہ کیتا گذر / اُس گدا نے نین کیا شہ پر نظر
پس کہا شہ اُسکو ای مفلس گدا / دیکھ آخر تو بڑا یا مین بڑا
یون کہا پھر بعد ازان مردِ فقیر / بات تو مت پوچھ مجھ سے ای امیر
گرچہ اپنے کو سرانا خوب نین / یہ تو تیری بات پر کہنا ہو نہین
جب نہین تو راہِ دین کا رازدار / خوبتر تیرے سے مین ہون لاکھ بار
حکم مین جس نفس کے تو ہے جنم / سو وہ خر میری سواری کا جنم
سو وہ چڑھکر تیری کاندھے پر مدام / نت پھراتا ہے تجھے دیکر لگام
جب گدھا میرا ہے تیرے پر سوار / مین بڑا یا تو مجھے کہہ ایک بار
ہے کُتّے سے نفس کے تو آشنا / نین تو راہِ دین سی ابتک آشنا
نفس کی من کی منگی ہے تو خوشی / طبع خاکی کو کیا ہے آتشی
نین رہا اس آتشِ شہوت سے آب / اُڑگیا ہے نور دل اور تن ستی تاب
ہوگئے ہین کان بہرے نین بند / گنگ زیادہ ہوش کمتر عقل کند
گئی جوانی آئی پیری اے فلان / تو سو جب بیٹھا ہے غفلت مین نہان
نین سمجھ تجکو جو یہ کیا ہے نشان / لشکرِ شاہِ اجل کے ہین نشان
دل بدن اک ایک آتے ہین گے چل / تاک ناگہ آئے وہ شاہِ اجل
جا پڑیگا جیو ترا روندل منے / تو کدھر کتا کدھر اُس دن منے
بھی تمہین اک جائے ہونگے نہین / جا پڑینگے پھر کی دوزخ مین کہین

حکایت روباہ نر و مادہ گوید

لوٹ لو ٹکا بن مین جوڑا تھا کدھر　عیش سے رہتے تھے ملکر نارونر　ناگہان کوئی شاہ نکلا تھا شکار　باز چیتے اور کتے بے شمار
ان لئے جنگل مینے دونونکو گھیر　نر سے مادہ یون کہی جیو سے ہو سیر　جو ملین گے پھر کہان ہم نارونر　نر نے بولا پوتین دوزانکے گھر

سوال کردن مرغ ششم

بعد ازان چھٹا پنکھی یون لگا کہا　منھ کو رنے سیمرغ سے کر گھٹا　یون نکالا بات وہ شیطان ہے　نہین خلاصی ہے مجھے بیدین سے
راتدن اسکا لگا ہے مجکو گھور　نہین ہے چلتا اسپہ میرا کوئی زور

جواب دادن ہد ہد اورا

پس کہا ہدہد کہ تیرا نفس سگ　ہے جہان ابلیس کا وہان نہین سلگ　تا تو یہان ابلیس تا تلبیس ہے　آرزو ہر اک ترا ابلیس ہے
ہوئے اک اک آرزو تیری تمام　تجکو ہین سو ابلیس مجھ والسلام　ان دنون کی کچھ عجب تاثیر ہے　سر بسر ابلیس کی جاگیر ہے
تو ہوا جاگیر مین سٹ اسکے ہات　ناکریگا وہ کبھی کچھ تجھ سے بات

شکوہ کردن ابلیس یکے مرید پیش پیر خود

کوئی کیا ابلیس کا جا کر گلہ　پیر سے اپنے جو تھے صاحب جلہ　جو پڑا ہے وہ لعین میرے دنبال　چھوڑتا نہین کس طرح میرا خیال
رات دن کرتا ہے مجھسے مکروفن　دین کا میرے ہوا ہے راہزن　پیر نے اسکو کہا ابلیس بھی　دکھہ ترے رو رو گیا ہو یہان ابھی
جو مری جاگیر ہے دنیا تمام　سو وہان کرتا ہے آکر دھوم دھام　تم کہو اسکو کہ اے مرد خدا　چھوڑ دے جاگیر میری ہو جدا
مین بھی تیرا چھوڑ کر دونگا خیال　بے فکر تو ہو و یگا رستہ سنبھال　نہین مجھے کچھ دین کی لوگو نسے کام　اصل مطلب یہ مرا ہے والسلام

حکایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام

کہین کبھی تھے خواب عیسیٰ نے مگر　سو رہے تھے سر کے نیچے اینٹ کر　کھل گئی جب آنکھ اسکی نیند سون　سامنے دیکھا کھڑا ابلیس کو ان
پس کہے اے لعنتی تو یہان کہان　تب کہا وہ اینٹ میری ہی جہان　ہے دنیا اور سب دنیا کا متاع　کل مری جاگیر ہینگے بے نزاع
پاس جسکے یہ دنیا اور زر ہوا　وہ تو میرے کام مین جا کر رہا　جب سنی عیسیٰ نے اس سے بات یو　اینٹ سٹ دی اور ہے پھر سو یہ سو
پس کہا ابلیس نے عیسیٰ سے پھر　تم بختا اب سو رہو جاتا ہون گھر

حکایت دعا خواستن باد شاہ بوقت نماز و جواب دادن درویش

کوئی مانگا تھا دعا وقت نماز　کر خدایا مجھپہ رحمت اور نواز　یون کہا اسکو دیوانہ سن نوا ایک　کیون نہ رحمت پائیگا جب تو ہی نیک

ہے تری دنیا و دولت کر و فر
ہے ترا اسباب ہے جا کر نظر
ہے ترا ناز و تکبر اور غرور
ہے تری باندی غلامان اور مزدور

ہے ترا ایوان صافی زرنگار
ہے ترا دنیا منے عزت و وقار
دیکھ اے مگرور طرف لیجا کے لے
مستحق دوزخ کے یا رحمت کے ہے

جب تلک دنیا سے دل توڑا نہیں
نقد دولت دین کی جوڑا نہیں
آ ادھر میری مثل ہو جا نہنگ
بعد ازاں رحمت خدا کے پاس ننگ

گر تجھے ہمت ہے کچھ مردوں کے سار
منہہ پھرا تو سب سے اپنا ایکبار

حکایت نقطہ دانی گوید

کیا کہا ہے خوب کوئی مرد یقین
یہ خلایق ہوش جسکو کچھ نہیں
قبر میں مردے کو سکتے منہہ پھرائیں
مغز معنی کو نہ ہرگز پھیر کیا ہیں

کیا ہوا جی تکھ پھرایا اب کنے
منہہ پھرایا نہیں جو جینے جی لنے
خشک ڈالی کو جو کوئی پھیرا تو کیا
مرگئے پر کوئی منہہ پھیرا تو کیا

زندگی میں جسکو ہے دنیا کہ جب
عارفان کن وہ ہے ناپاک خب

درسوال پنچھی ہفتم گویان

ساتوان آیا پنچھی کوئی بعد ازان
معذرت سے اسطرح کھولی زبان
جیو مرا ہے یا ہے زر دوست ہے
عشق زر سو مغز باقی پوست ہے

جب تلک جون گل نہیں مجھ کنے
کاہ ہون گل کو شگفتا ہیں منے
عشق از دوشق گنج و عشق زر
مجکو معنی سے کیا ہے بیخبر

جواب دادن ہدہد آن پنچھی را

پس کہا ہدہد کہ اے دنیا پرست
کیوں ہوا ہے اسطرح غفلت سے مست
زر سو کیا ہے ایک نگی زرد رنگ
تو سو خوش ہو بچون میں دیکھ رنگ

دیکھ زر کو تو بسرتا ہے خدا
وہ سو میری راہ تب سے ہے جدا
تا زمین زر سے کسے ہے کچھ بقا
تا تجھے اس زر سے کچھ ہیگا وفا

جب تو کچھ درویش کو دینے منگے
آزمایش اسکی یوں لینے لگے
زر کی ہستی سے ہوا تجکو فراغ
اور تو تیری پشت کو دیتا ہے داغ

زر کے لالچ میں گنوائی عمر سب
رات دن جی کو ترے زر کی طلب
فکر ہے زر کی تجھے ہے مشغلہ
زر نہیں تو جی کو تیرے ولولہ

اس سب سے کیوں خدا کو پائیگا
دین و دولت تلک کیوں ہاتھ آئیگا
ہے اگر کچھ دل منے حق کی طلب
خرچ کر اس کو اسکی راہ میں سب

دیکھ جا قرآن میں اے نیک خو
لن تنالوا البر حتی تنفقوا
تجکو پیارا ہے جو کچھ سو نذر کر
بلکہ سارے جیو سے اپنے در گذر

جیو سو آخر جائیگا اک روز میں
کان ہے تیرا مال جب جیو نہیں
گودڑی کہنی اگر ہے تجھ کنے
وہ بھی آڑے آئے تیری راہ منے

دے جلا تو گودڑی کو بھی اتال
چھوڑ اپنے جیو سے اسکا خیال
میں جلا تا گر اسے جلدی سے تو
کب خلاصی پائیگا جہنم سے تو

حکایت مریدے کہ از پیر زر پنہان داشتہ بود

نو مرید ایک تھا مگر وہ پیر سے / کچھ رکھا تھا زر چھپا کر دھیر سے ‖ پیر کو بھی گرچہ ظاہر تھا وے / نین کیا کب منہ سے وہ باہر ویلے

ناگہاں آیا سفر درپیش کین / پس چلے ملکر مرید او پیر ہین ‖ آپڑے کین بن بہات مین مگر / آئی اک مارگ مین وان ڈالی نظر

بعدازان پوچھا مرید یادر / پیر سے اپنے کہ جانا اب کدھر ‖ شیخ بولے چھوڑ اپنے زر کی چیز / پس چلا جا ہر کدھر بھی اے عزیز

زر سو کیا جیو کا خطرا اے مرد راہ / کیا یہ دنیا دین مین اے آہ آہ ‖ تو سو زر کی فکر مین سب دن مدام / کئی ہنر کئی فکر مین کرتا ہے کام

دین کے مارگ منے تو پڑ رہے / جون گدھا دلدل منے پھنس کر رہے ‖ زر سو کیا ہے باٹ مین تیرے گوا / تو سو پابند اس منے پڑ کر موا

اس کنو دیسے کر خدا اے پیر کہن / اس سی منگ حفظ حق سو یوسف کے تئین

حکایت حسن بصریؒ از حضرت بی بی رابعہؒ سوال کردہ بود

شیخ بصری رابعہ کے آئے پاس / جا کے پوچھے بات یہ وہ حق شناس ‖ وے سخن جو ہوئینگے کہیں تم سُنے / تا تمھین بولو نہ بولا اور کسنے

خود بخود جیو دلسے وہ بجا ہوویگا / سو مجھے بولو جو بے جا ہوویگا ‖ پس کہی بی بی کہ اے شیخ کبار / سوت مین کاتی اتھی کئی ایکبار

آئے دو دینار اُسکے مجکو وہین / نین لئی دونو کتئین مین ہاتھ مین ‖ خوف سے آفت کی ڈر کر دلمین لیک / ہاتھ مین ہر ایک لئے دینار نیک

تا مبادا ملکے دونون ایکبار / راہزن ہو جائین میرے ایکبار ‖ تو سو جو جوڑتا ہے زر مدام / تا حلال آتا ہے دلمین نا حرام

مر گئے پروانان لکھائین مال / ساتھ تیرے آئے نا غیر از وبال ‖ اے خوشی دل ہے تو زر کے عشق سون / زر بدل تو بیچتا سیمرغ کیون

راہ مین تجکو وہان اک بال بھر / ساتھ کیون لیجائیگا یہ گنج و زر ‖ چال چیونٹی کی پکڑیان اے عزیز / تا شکر کا گنج ہو تجکو تمیز

حکایت عابد کہ باری تعالیٰ بروے عتاب کردہ بود

ایک عابد تھا جنے سب زندگی / چار سو برسان کیا تھا بندگی ‖ خلق سے دنیا کے جم ناساز تھا / حق سے پر دیکھے اندر ہمراز تھا

ہمدم اُسکا کوئی نہ تھا جز یاد حق / ہر نفس للہ اللہ تھا سبق ‖ چار دیواری مین اُگی اک درخت / خوشنما تھا سبز تر جون سبز بخت

اُسپہ گھر کر ایک پنکھی دلنواز / شوق کے دیسے ہوا لحان ساز ‖ عابد اُس آواز سے دلمین لُبھا / لا رہا تھا کان اک دم جیو لگا

حق نبی پر اُس زمانیکے خطاب / یون کیا عزت سے سُن عابد کے باب ‖ جو کہو یون جاکے اُسکو یہ عجب / اے جو تو طاعت کیا تھا روز و شب

اس مدت کا شوق اور سوز جگر / کیون دیا تو راگ پنکھی کو بے خبر ‖ گرچہ تھا تو کی سیانا اے پنچھی / کیون ہوا آواز پنکھی کے پیچھی

مین خریدا تجکو تو بیچا مجھے / کیا وفاداری ایسی لائق تجھے ‖ اس وضع از زان فروشی بھی نہ کر / مین ترا ہمدم ہون مجکو مت بسر

سوال پنچھی ہشتم

بعدازان آیا پنچھی وان آٹھوان / غمزدہ خاطر پریشان دل گران
پس کہا انجکو کہ یاد آتا ہے گھر / بے خبر جاتا ہون ہے بہا مال و زر

خاص جہاری اوپر چھجے مین زرنگار / دلکشا و جان فزا چون شہ بہار
ہوت ہے جسکو دیکھتے دل کو فرح / سو قطع اس گھر کو دون مین کسطرح

بیٹھتا ہون بادشاہ مین ہو کے ہان / بادشاہی چھوڑ کر جاؤن کہان
کان پھرون گھر چھوڑ کر مین دردار / راہ کا دکھ سو نسا کان جاؤن بار

باندھتا ہی گھر مرا جنت سے ہوڑ / کوئی عاقل جائیگا کیون جنت کو چھوڑ

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد اسے اے کم ہمت / کیون رکھا ہے یاسے جی کو گھٹ
کیا ہے جنت ہماری تمنے خراب / تو اسمین جلکے ہوتا ہے کباب

گھر ترا جنت ہو یا گر خلد ہو / ہے اجل کا ہاتھ بندی خانہ سینو
موت سے تجکو اگر ہوتا امان / خوب تھا یہ گھر تجھے اور یہ ٹھکان

حکایت تعمیر نمودن بادشاہ ایوان بلند و جواب دادن یک زاہد اورا

گھر بنایا بادشاہ کوئی زرنگار / مال و زر کر خرچ بہیسا بیشمار
جب ہوا حاصل عمارت سے فراغ / گرد کھایا فرش ایسی رشک باغ

لوگ ملک و ملک کے آنے لگے / دیکھ اسکو راحتان پانے لگے
بعدازان اک روز شاہ کامگار / جشن فرمایا مجالس کو سنوار

سب مشیران اور وزیرا انکو بلا / پس حکیمان اور وزیرا انکو بلا
نرمی سے لگے کہتا ہون سوال / یہ محل کیسا ہے تم بولو انیال

جشن و خوبی دیکھکر جیب نا رہو / کچھ ابھی باقی رہا ہے سو کہو
بعدازان سب ملکے بولے یکزبان / اس جہا مین ہی نہین ایسا مکان

اس لطافت کا محل کہین بر زمین / کوئی نہ دیکھا ہی نہ دیکھیگا کہین
ایک زاہد نے دیا پھر یون جواب / مین کہون گر شہ نہ فرماوے عتاب

اس محل کو گر نہ ہوتا ایک کھوٹ / بیچ انتہا فردوس و زینت کی جوٹ
شاہ نے بولا کہ وہ کیا ہے سو بول / چپ نہ کر مت بھیو وہ کیا ہی سو بول

پس دیا شہ کو یون زاہد نے جواب / اسکو عزرائیل کر دیگا خراب
ہو سکے تو دور کر یہ کھوٹ سخت / نہین تو کیا ہے یہ محل یہ تاج و تخت

گرچہ خرم ہے مکان یہ جون بہشت / موت آخر کو کریگی اسکو زشت
یہ خلل ہوتا نہ گر تو یہ محل / کیا کریگا تو جو باقی ہے خلل

اس محل کو دیکھکر تو خوش نہ ہو / سرکشی کا تاج سر پر رکھ نہ تو
دیکھکر شاہی تری اور تخت کو / کہہ سکے نا عیب کوئی پیش ہو

دیکھکر شاہی تری اور یہ مسند / نا کہے کوئی عیب کو افسوس کر

حکایت روستائی و تعمیر نمودن خانہ زرنگار

کوئی بازاری کیا گھر زرنگار / جب ہوا گھر حسن و خوبی سے تیار
قصد دل پر میزبانی کا کیا / شہر کے لوگونکو دعوت جا دیا

دوڑتا پھرنے لگا تب گھر بگھر / خلق عالم کو بلانے سر بسر
کوئی دیوانہ دیکھکر بولا اسے / بات کہتا ہون تجھے اگر نا ہو غصے

دل منے میرے بھی تو انجام کچھ
جو تیرے گھر جاکے اکدم آون لیک
نئیں ہے مجکو فرصت اس شغل سے
مین نج آتا ہون تو اُس عذر سے

حکایت عنکبوت یعنی مکڑی

دیکھ لے مکڑی کو اے صاحب جمال
کس طرح کرتی ہے دلمین کئی خیال
سانڈ ہو مین لوگونکے جالا باندھکر
دام کرتی ہے مکھیون کا سر بسر

کوئی مکھی سڑی تو اُسکا پیکے لہو
کرکے رکھتی ہے ذخیرہ ہو بہو
وہ مکھی جالے منے جب سوکھ جائے
بعد ازان آہستگی سے اُسکو کھائے

ناگہان گھر کا دھنی اُس ٹھار آ
توڑ کر سٹتا ہے سب یکبار کا
ہے یہ دنیا جن تری سن ہو بہو
یہ ترا گھر اور ذخیرہ مو بمو

ایک دم مین ہوکے جاوے سب فنا
کان رہیگا جان و دل اور یہ بنا
جائیگا حسن و زر مالک آئے گا
ایک پل مین سب فنا ہو جائیگا

یہ تری دنیا و دولت اور شے
تو نہو تو بول مجکو کان رہے
قبلہ ابلیس کا جان یہ گھر اور سرا
قید مین پڑکر ابلیس کو مت ٹرا

کیا یہ دنیا ہے جہانِ پُرغرور
چھوڑ جاویگا اسے اکدن ضرور
کھول انکھیان دیکھ کچھ اس راہ کو
چل شتابی ڈھونڈھنے درگاہ کو

جبکہ اُس درگاہ تک چل جائیگا
جگ مین عزت سو کہین نا پائیگا

حکایت شخصے کہ پسر او وفات یافتہ بود

مر گیا ننھا طفل کسکا از قضا
باپ سُدھ بُدھ کھو دیوانیکی ضیا
پشت سے تابوت کے ہو بیقرار
بولتا جاتا تھا یون وہ زار زار

اے بچے میرے جہان نا دیکھکر
کیون گیا تھوڑی مین تو آخر عمر
ایک بیدل نے کہا سُن اے فلان
تو سمجھ سنو بار اُن دیکھا جہان

عاقبت مرنا اُسے نبھایا نہین
جان تو اسبات کو دلمین وہین
سو برس تک گر یہان تو ہوئیگا
یون کہیگا مین نہ دیکھا ہوئیگا

عمر تو اک پل منے جاتی ہے آج
کب کریگا درد کا اپنے علاج
جب تلک چھوڑا نہین نفسِ خبیث
گند مین ڈوبا ہے یہ جانِ نفیس

سوال پنچھی نہم گوید

پس کہا آکر پنچھی نو وان سخن
جو مجھے ہے ایک دلبر سو لگن
عشق مین اُسکے ہے یہ دل بیقرار
ہاتھ سے جاتا رہا ہے اختیار

مجھ خیال اُسکا ہوا ہے راہزن
آگ مین جلتا ہے سارا تن بدن
ایکدم بن اُسکے مجھ آرام نین
صبر سے اک ذرہ مجکو کام نین

دل نہین مجھ ہاتھ مین اب کیا کرون
کس طرح سے پاؤن ستے مین دھرون
کس طرح اُس ماہ رخ کے رخ بغیر
رخ کرون کس رخ کدھر کو جاؤن سیر

درد کو میرے تو درمان ہی نہین
عشق مین ہے کفر اور ایمان نہین
کفر اور ایمان میرا عشق ہے
درد کا درمان میرا عشق ہے

عشق کی غم بن نہین کوئی ہمنفس
ہمنفس میرا تو مجکو عشق بس
عشق نے اُسکے جلایا ہے مجھے
خاک و خون مین وہ نہلایا ہے مجھے

ہو رہا ہون صبر اور طاقت سے طاق
سُدھ نکلجا دلمین بیٹھا ہے فراق
چک ہے زار و زار سینہ آہ آہ
دل ہوا ہے غرقِ خون تن خاکِ راہ

جواب دادن ہدہد آن مرغ را

پس کہا ہدہد کہ ای صورت پرست / منزل معنی سے مطلق دور ہست
عشق صورت مین ہی عشق معرفت / عشق شہوت بازی ہی حیوان صفت
جسکے تین حسن روپ سے نقصان ہے / جیو لگانا اسپہ اسکا زیان ہے
جب تلک نہین اصل حسن بےزوال / کفر ہے اس حسن پر رکھنا خیال
بھول مت اسقدر خوبی حسن پر / جانتا ہے جسکو تو مثل چندر
وہ تو ہے سب خلط اور خون کا بناؤ / دمبدم ہے آرزو اور جسکی چاؤ
جسگھڑی وہ خلط خون کم اس میں ہوئے / زشت اسکے سار کا پاوے نہ کوئے
پس نہین کر حسن صنعت کا خیال / اصل معنی ڈھونڈھ ای صاحب کمال
حسن معنی جب ترے ہاتھ آئیگا / خالق و رازق کو اپنے پائیگا
صورتان یہ ہین سو فانی ہوینگی سب / کسکی عزت نا رہیگی غیر رب
دوستی صورت کی ہیگی ہر کہو خیال / جیو کی اکیس کیے سن تو ایک کال
دوستی ہر چیز کی رب کے سوائے / سب عمر تجکو پشیمانی مین پائے

حکایت گریستن دردمند و پند دادن شبلیؒ اورا

کوئی شبلیؒ پاس آیا دردمند / شیخ پوچھے کیون ہے اسکو مستمند
پس کہا اوے بزرگ نامدار / تھا مرا محبوب اک پیارا نگار
مرگیا ہی او سو اسکے غم منے / ہو رہا ہون اسطرح ماتم منے
شیخ بولے گر تو ہے یون غمزدہ / کیا ہے یہ غم اس سی اگلا تجھ سزہ
جا ابھی ڈھونڈھ اسو صنع کا کارزون / جیو میرا نا ہوے وہ بیزار یون
یار ایسا جسکے مرنے سے ہے ڈر / دوستی مین اسکی جیو پر ہے خطر
حسن و صورت کا ہوا جو مبتلا / نین عجب جو آئے اسپر کوئی بلا
او سو اکدن اس جہانسے جائیگا / حیرت و حسرت کو تجھپر لائیگا
یا تو جائیگا اُسے یہان چھوڑکر / حیرت و حسرت سے دلکو توڑکر

حکایت عاشق شدن شاگردی بر کنیزک اُستاد خود

ایک جوان نوخیز تھا چالاک و تیز / صاحب ہوش و فراست باتمیز
رات دن تھا علم کی تحصیل مین / کوئی گھڑی جاتی نتھی تعطیل مین
سب دنیا کا چھوڑ دیکر کاروبار / بحث او تکرار مین تھا استوار
باحیا تھا نیک بخت و باشرم / پاک صورت متقی تھا دل نرم
مہربان اُسپر انتہا اُستاد بھی / نین کیا اکدن غصہ اسپر کبھی
جہان تلک شاگرد تھے اُسکے تمام / سب سے زیادہ پیار تھا اُسپر مدام
از قضا استاد کے گھر مین مگر / خوبصورت تھی کنیزک جون چندر
دلربا دلدار دلبر جون کہ حور / جسکو پاکان دیکھکر ہون ناصبور
نازنین نازک بدن تھی سرسری / رشک کھاوے دیکھ اُسے حور و پری
فتنہ غمزہ نازنین ناز و ادا / عاشقونکا جان و دل جسپر فدا
حسن مین یا مکھ کنول تل جون بھنور / زلف اس دریا سے نکلا سو عنبر
شکرین لب شہد سو امرت بچن / نین جون بادام منہ پستے دہن
دیکھ اُسکو نین بھر شاگرد وو / مبتلا ہو گیا اک پل مین ہو
دل اپس کا مدرسہ سے توڑکر / علم و دانش کو دیا سب چھوڑکر

عشق کا ابجد لگا کرنے کو یاد
حسن کے دلبر کو سمجھا اوستاد

درس علم و فضل کا دلسے بسار
دل لیا لینے کو درس رٹے یار

ہو گیا اکبارگی جون لالہ زار
زعفرانی چہرہ اُسکا گلعذار

سا قبت ہو کر پڑا بیمار عشق
غم غصہ کرنے لگا تیمار عشق

ناگہان واقف ہوا استاد کین
پس بلا کر باندی کو اپنی وہین

فصد چھوڑا اُسکے دونون ہاتھ سون
کاٹ ڈالا وان بندی کر دلسے خون

تا کہ ہووے زار زار رونا نوان
رنگ گلناری ہوا جون زعفران

یک طرف سے گئی نکل خوبی سگل
سوک گئی جل بن شکل کنولی کنول

مُنہہ نکل آیا گئی کالان جھٹک
جا لگیان دو کان کو انکھیان جھنک

حسن مین اُسکے نہ کچھ باقی رہا
تا شرابِ شوق نا ساقی رہا

وہ جو تھا اخلاط اور خون گند سو
سب رکھا تھا جمع کر تا دو دو

بعد ازان شاگرد کو بھیجا بلا
پس دکھایا اُسکو باندی کا ہلا

ہو رہا وہ دیکھہ اسکو دلمین ننگ
پھر نظر کر نیکو لایا دلمین ننگ

پس کیا شرمندگی سے تلملار
ہو گیا بیزار اُس سے ایک بار

جھوتنی سا اُس پر یکا دیکھہ حال
دل منے اپنے پیٹ پکڑا اکتال

عشق کی جنباب دلسے گئی نکل
ہو شفا از رنج بیماری بدل

بعد ازان استاد نے اس طشت کو ن
لا رکھے آگے جو تھا پر خلط خون

پھر کیا شاگرد سے اپنے سوال
اے جوان اب راستی سے بول حال

کان گئی وہ رنج بیماری تری
کان گئی وہ خواری و زاری تری

عشق کے شعلے و گرمی ہے کہان
شوخی و رندی و بیشرمی کہان

راتدن باندی کی تھی تجھہ آرزو
دیکھتا کہ نین کھڑی ہے روبرو

عشق سے جسکے کیا تھا رنگ زرد
کیون ہوا کیا ہو گیا وہ عشق سرد

آرزو جسکی تو کرتا تھا مدام
وہ سو ہے اس طشت مین بھر کر تمام

یہ نجاست اُس سی جب باہر پڑی
خجل ہو کر سامنے تیرے کھڑی

تو نہ تھا عاشق مگر اس یار کا
بلکہ عاشق تھا اسی مردار کا

بات یہ سنکر جوان توبہ کیا
بار دیگر مدرسے کی رہ لیا

جسکو ہے صورت پرستی کا خیال
کب صفت سے ہوئیگا اسکی وصال

اصل صورت نفس شیطانی سمجھ
اصل معنی وصف روحانی سمجھ

ترک صورت کر پکڑ عشقی صفت
دیکھہ زان پس آفتابِ معرفت

نقش صورت خلط خونسی بیش نہین
مرد صورت مرد دور اندیش نہین

خلط اور خون سی ہوا صورت کو زیب
تو نہ کہا اس خلط اور خون پر فریب

حکایت سوداگر کہ کنیزک خود را فروختہ بود

ایک تھا تجار کہین با ملک و مال
ایک لونڈی تھی اُسے صاحب جمال

ناگہان بیچا اُسی وہ کسکے ہاتھ
پھر کے پچتانے لگا وہ نیکذات

پاس جاکر اس شخص کی یون کہا
پھر کنیزک مجکو دے لے تو نفا

نین دیا پھر وہ کنیزک اُسکو جب
ہو رہا ایسا پریشان حال تب

ہر گھڑی رستے پہ جا کر غمزدا
خاک سر پر ڈالتا تھا وہ سدا

یون وہ کہتا تھا اپس کو زار زار
یہ سزا تیری ہے اے جیو نابکار

جب حماقت سے اپس دلدار کو
بیچ ڈالا جیب کی دینار کو

اس بھرے بازار مین اے نا سمجھ
کر نہین اپنا زیان آہین سمجھ

عمر تیری ہے تو اک دم گھڑی
زر نہ لے تو اس گھڑی کو بیچکر

اے صباح محشر منے پچتائیگا
ایک ذرہ زر نہ کچھ کام آئیگا

سر سے پا لگ حق دیا ہی نعمتان
شکر کران نعمتو نپر اے فلان

پالتا ہے حق تجھے با عجز و ناز
تو سو چپ رکھتا ہی جھی کس سی نیاز

حکایت برائے شکار رفتن بادشاہ

ایک تھا بادشاہ تھا کین شکار
تھا کتا اسکا کوئی اسکو سنوار

اس کتے پر بادشاہ کا پیار تھا
تھا مگر محبوب خوبان سار تھا

تن پہ جسکے زیب و زینت تھا گھٹا
جھول زردوزی مرصع کا پٹا

مرد سگبان جبکہ فرمان پائیا
زر کی ڈوری سے کتا بندہ لائیا

پس کتے کو جلدی کرکے وہ نیار
ڈور سے زر کی اگمے لایا سنوار

شاہ نے وہ ڈور لیکر اپنے ہات
اس کتے کو لیچلا اپنے سنگات

ناگہان ستہ مین کین ہڈ دیکھکر
یک نفس ٹک وہ کتا اٹکا مگر

شاہ پیچھے پھر کے دیکھا اسکو جب
طیش کھا دلمین لگا کہنے کو تب

مجھ سری کے بادشاہ کو چھوڑکر
اس کتے نے ہاڑ کپیتی نظر

کاٹ کر ڈوری دیا اسکو نکال
پس کتا ہو کر چلا دلمین خوشحال

جب ٹوٹی ڈوری گلے کی آپسے
مفت چھوٹا اس بلا کی پاپ سے

پس کہا وہ ڈور یا اے نامدار
اس کتے پر ساز ہے جو پر نگار

گرچہ جنگل ہے بہتر اسکی سزا
بہ زر و گوہر رہے مجکو روا

شاہ بولا یونہی جانے دے اسے
تا عزت کی قدر خواری بیدسے

زیب و زینت جب ابس کی پائیگا
یاد کر مجکو بہت پچتائیگا

وہ کتا کیا ہے سمجھ اپنا نفس
کر رہا ہے ہڈ پہ دنیا کی ہوس

فضل و رحمت حق تعالی کا لباس
ہے پریشان من جنگل مین خوار زار

ہے تجھے اول سی حق کی آشنائی
کیون لیا ہی یون سو غفلت سی جدائی

رکھ قدم عشق حقیقی مین مدام
نوش کر مردون مثل سختی کی جام

دم پکڑ رہ گرچہ سولی پر چڑھائین
ڈر نہ تو گر جیو کا ایک ہو کے جائین

جان اس سولی کو یک خس کی مثال
اژدہا کو ایک چیونٹی کر خیال

عاشقان تورہ مین آپن سیج جن کے
نت رہین پیاسے ابس کی خون کے

حکایت بر دار کشیدن منصور حلاج را

جب چڑھائے دار پر منصور کون
جز انا الحق نین کہے کچھ جیب سون

عالمان یہ سنکے انکی سخت بات
کاٹ ڈالے دھڑ سیر انکے پاؤن ہات

لہو نکل جاکر پڑا جب زرد مون
ہاتھ ٹھونٹھو نسے لگانے منہ پہ خون

تا کہے نا کوئی مرد عیب جو ہے
خوف سے پیلا ہوا ہے ناگ روئے

کیا مجھے ڈر ہے کہو کس بات کا
جو مر اسو دا ہے سر کے سات کا

یہ جہان تو سوئی کے ناکے سی تنگ
جیو چھپانا شیر مردونکو ہے ننگ

راہ مین حق کی ہزاران گھات ہے
دار پر چڑھنا سوا دنی بات ہے

حکایت کشتہ شدن پسر جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ

پیشوائے دین جنید نامور
بولتے تھے وعظ بار و نہین مگر

گر دکھائے تھے سخن بہا تنک بلند
جی ہوا ہیں چرخ گردونکا کمند

ناگہاں اس حال میں کوئی بڑکٹر / شیخ کے فرزند کا سر کاٹکر

ست دیا مجلس میں لا کر خوار و زار / وہ پسر سو شیخ کے جیو کا ادھار

لکھ پونم کا چاند اور ابرو ہلال / پاک ظاہر پاک باطن خوشخصال

شیخ وہ سر دیکھکر کچھ نا کہے / وعظ کرتے تھے سو یوں کرتے رہے

بعد ازاں آخر کو بولے یہ سخن / اے عزیزاں دیکھ اسرار کہن

مین کھلا یا تھا خوشی کی آج رین / سو ہوا درکار مجھکو آب نین

مین خوشی سے وعظ بولا یا جزا / تب انتھا درکار مجھکو یہ سزا

سوال کردن طیور دہم

پھر لگا کہنے کو دسواں جانور / موت کا آنا ہے مجھکو ایسا ڈر

مین تو بے توشہ ہوں اور رستہ ہے دور / مر رہونگا راہ میں کہیں بالضرور

موت سر پے لے کھڑی ہے تیغ وہین / کاٹ ڈالے گی کبھی معلوم نہین

لے کھڑا جسپر ہووے جلاد تیغ / کیا ہووے رچہ زندگی کی خر دریغ

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد کہ اے زار و نحیف / چھوڑ دیویگا تجھے کب وہ حریف

کیا یہ تن ہار و نکا ہے اے بیخبر / مغز جھڑ جھڑ جائیگا اکدن جنجیر

یہان جو کوئی آیا سو آخر جائیگا / ہے جو کوئی زندہ سو وہ مر جائیگا

نین تجھے یاں بھی بچا ئینگے بدل / لائے ہیں آخر لیجائینگے بدل

یہ فلک تو طشت ہے اوندھا مگر / پس رکھے ہیں تس شفق لوہو سی بھر

آفتاب تیغ زن سر کاٹ کاٹ / طشت تت بھرتا ہے لوہو چاٹ چاٹ

تو اگر آلودہ ہے یا پاک ہے / ایک قطرہ آب سے وہ خاک ہے

اصل میں ایک بوند ہی ہے ہر کی ذات / کیا چلیگا بوند کا ذرہ سنگات

سب عمر میں عیش کرتا آئے گا / سوز اور زاری سے اکدن جائیگا

حکایت ققنوس نامی مرغ است

سہ یعنے موسیقار ۱۲

طرفہ تر ققنوس کوئی ہے جانور / ہند کے کہیں ملک میں وہ ہے مگر

چونچ اسکی ہے بنی وہ سب سے نیک / ہے مگر اس چونچ میں سو چھید لیک

پس ہے ہر اک چھید میں آواز اور / ہے ہر اک آواز میں کچھ راز اور

جب کرے چھیدوں سے وہ آوازہا / مرغ و ماہی ہو رہے سن بیقرار

ہو رہے ہیں سب پرندے چپ وہیں / سر بسر جا کر پڑیں خاموش ہیں

سب حکیمان علم موسیقی بسر / اس سے پیدا کر دکھائے ہیں اثر

ایک ہزار سال وہ جیوتا پنکھی / نا اسے جوڑا نہ بیٹے سن سچی

بعد ہزار سال کہ جب موت آئے / دلمین اپنے وہ سمجھ در حال جائے

بعد ازاں چن چن کے لکڑیاں بسر / بیٹھتا ہے جا کے وہ لکڑیوں اوپر

پس اپس کی چونچ کے ہر چھید سے / نالہ کو دلسوز کرتا نونگ سے

کیا پرندہ کیا چرندہ سر بسر / ہو رہیں سدھ چھوڑ کلی بے خبر

اس طرح کرتا ہے فریاد آشکار / جو جناور ہوئیں سنکر بیقرار

سوز اسکے درد و غم کا سو نسنگ / ہو جائین کتنے مرگ مارے لگ پلک

ہو رہیں کئی جانور حیران و دنگ / کوئی اپس کی زندگی سے ہو دین تنگ

کچھ عجب آواز اُس سے باہر آئے | نالۂ خونریز کے نالے بہائے
عمر مین باقی رہے جب یک نفس | جھاڑتا ہے بال و پر اپنے وہ بس

آگ پڑتی ہے پرونسے تب نکل | کو لسے ہوتے ہین لکڑیان بعد جل
جلکے وہ ققنوس جب ہوتا ہو خاک | خاک سے پھر اک بچا ہوتا ہے پاک

کیا ہو قدرت حق کی اے دیکھیو تون | جو بچا پیدا ہوتا اُس خاک سون
حال سے ققنوس کے تو کر بچار | بعد ازان کر عمر اپنی کا شمار

ایکلا وہ زندگانی کیون کیا | کس طرح بے جفت وہ بچہ دیا
اس دنیا مین زندگی پایا جالگ | نین کہا کس حال مین کس سی لگ

عاقبت کو آئی جب اسکی اجل | مرگیا اکبارگی آتش مین جل
تو بھی کئی دن لگ جیا تو کیا ہوا | زندگی کے تین کیا تو کیا ہوا

ایک دن مرنا ہوا تجکو ضرور | نا سمجھنا موت کو آپس سے دور
موت گرچہ سخت نا محبوب ہے | سرکشونکو نرم کرنی خوب ہے

حکایت گریستن پسر بر جنازۂ پدر

کوئی چلا تھا باپ کے تابوت سے | بات کہتا راہ مین تھا باپ سے
جو اپس کی عمر مین بہانت ونز | مین نظر آیا مجھے پُر درد و سوز

پس کہا کوئی مرد صوفی رہگذر | کیا ہے یہ غم جو تو دیکھا اے پسر
گر مُردہ جی کے اُٹھتا تو تجھے | اُسپہ جو گذرا سو وہ کہتا بچے

ہے یہ دنیا جائے غم رنج و ہلاک | یونہی ہوگا دل ترا غم سے ہلاک
اس جہانمین گر تجھے ہے تخت و تاج | جائیگا سب چھوڑ اکدن لا علاج

کیا ہے تیرا حال کہہ اسوقت سو | جواب بولا وہ کہ اب پوچھو نکو

حکایت یکے بادشاہ درحالت نزع

پس خلیفہ کی ہوئی جب چل بچل | پس کنے پوچھا کہ اے شاہ اجل
کیا ہے تیرا حال کہہ اسوقت سو | شاہ بولا مجکو تم پوچھو نکو

عمر گئی بیفائدہ میری تمام | اب ملونگا خاک مین جا والسلام
ٹل گیا سب بادشاہی کا بہار | بہت جھگڑی سے آلگا ہے کاروبار

جنکے سب عالم اتھا فرمان مین | ہو گئے ہین وے فنا اک آن مین
وے زمین کی پیٹ مین جاکر سوئے | مستی و ہستی اپسکی کھوئے کے

یونہی مرنکو ہمین سب آئے ہین | اُس سری جینے کی چپ جو لائے ہین
کیا بلا کی راہ یہ مشکل ہوا | گور اول جسکا سن منزل ہوا

موت کی تلخی کی گر ہووے خبر | جان شیرین ہو لہے زیر و زبر

حکایت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہ آب نوشیدہ بود از چشمہ

اگین پیا عیسیٰ نے کس چشمی سے نیر | سرد شیرین صاف تھا وہ بی نظیر
پھر کئی خم بھرکے پانی وہ لیا | ایکدن اُسکو مسیحا نے پیا

دیکھتے کیا ہین کہ وہ ہے تلخ تر | حضرت عیسیٰ پہ ہوئی حیرت اثر
پس کہے یارب کہ آتا ہے عجب | یہ ہے تلخ اور وہان تھا شیرین عجب

راز اسکا کر تو میرے پر عیان | تین تجھے پوشیدہ اسرار نہان
تب خدا کے حکم سے خم یون کہی | مین ہون ماٹی ایک سُن انسان کی

مجکو اس چرخ فلک گردون تلے ہار
کئی وضع گردش دی ہین لاکھ بار

کب کئے کوزہ کبھی خم کب سو ماٹ
کئی جنس کرتے ہین مجکو بھانت سات

موت کی تلخی کبھو جاتی نہین
بھی کرینگے لاکھ باری جو کہین

وہ مری تلخی سے بھی ناچار کب
نبز میرا اس سبب سے تلخ لب

یاد رکھ اے ہوش ور تو بات یہ
بھول مت جا بات تو غفلت سے یہ

گم ایس کو کر نہ تو خوبی پہچان
راز اپنا ڈھونڈھ لی جانتک ہے جان

گر چھپا نا تو نہ جیو ہے جب تلک
کیا چھپا یگا ہوا جب جیو الگ

نا تجھے کچھ ہوشیاری مین خبر
نا موئے پس کچھ رہے جیو کا اثر

کئی ہزاران سو ہین پردے درمیان
کیون چھپا ئیگا آپ سکو ای فلان

حکایت حکیم بقراط چون اورا مرگ پیش آمد و پرسید شاگرد اورا

جان جب بقراط کا جانے لگا
وقت آخر کا نزدیک آنے لگا

تب کیا شاگرد نے اُس سے سوال
کان تجھے رکھنا سو مجھ سے بول حال

کیا کفن دیوین تجھے اور کیون نہلائین
کان رکھین کس خاک بیچ اور کیون بنائین

پس کہا بقراط نے اُسکو وہین
جب ہوا تو پایگا رکھ ہر کہین

مین تو جیوتے جیو نہ پایا آپ کو
مر گئے پر پاویگا کیا مجکو تو

اب جو آیا ہے مجھے وقت گذر
جاؤنگا مین کان سو مجکو نہین خبر

حکایت سوال کردن پنچھی یازدہم

گیارھوان آیا پنکھی رو نامراد
پس کہا مین نین ہو کب بامراد

غم رہا ہون دیکھنا سارا جنم
دل خوشی پایا نہین کیا ایکدم

بولنے آتا نہین غم کا بیان
خون دل ہوتا ہے انکھیون سے روان

کیا کرون جو دل ہی پُرخون اسو ضع
کیون نکھون چلنے یہ دل مین کسو ضع

حکایت جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد نے ای غمگین دُکھی
کون ہے سب عمر دنیا مین سُکھی

اس جہا نمین نامرادی ور مراد
جائے اک پل مین گذر کر جونکہ باد

نا اُسے ٹھارا ہے نا اُسکو قرار
عارفو نکو نہین ہے اسپر اعتبار

پس گذر جاتی خوشی اک پل منے
تو نہ رکھ وسواس اُسکا دل منے

جون گذرتا ہے جہان تو بھی گذر
دل نہ بند اُس سے نہ تو ارمان کر

نا رہے جو چیز دنیا مین مدام
آرزو اُس چیز کا ہیگا حرام

حکایت مرد عارف کہ در تمام عمر شربت نخوردہ بود

ایک عابد تھا بڑا کوئی نیک خو
نین کیا کب آرزو شربت کی او

اُسکو پوچھا کوئی اے مقبول رب
نین تجھے شربت کی رغبت کیا سبب

پس کہا کیا ہیون شربت کی گھڑی
موت سر پر جیو لینے کو کھڑی

جب ہوا ایسا توکل سر او پر
نین وہ شربت زہر سے ہے تلخ تر

کیا ہے شربت جیب کا یک تل سو آ
اُسکو کھا کر جانتا جیو کی مراد

نامرادی سے بھی اک وسواس ہے
جب عبث وسواس کی کیا آس ہے

رنج و راحت نا ہے کسپر مدام
جائین دونون بھی گذر کر والسلام

گر تجھے کچھ رنج یا زاری رہے
وہ تجھے عزت ہے ناخواری رہے

انبیا پر آئی ہے جو کچھ بلا ۔ کیا ہے اُس آگے بلائے کربلا
وہ بلا مین انبیو نپر بے خطا ۔ حق تعالی سے ہو یہان خفی عطا

کُل بلا مین راہ مین مع لائی سب ۔ جو سینہ مین آنچ ہے اے بوالعجب
یہان جو کچھ کرتا ہے تجھپر درد و رنج ۔ وہ سمجھکر دیکھہ تو ہے عین گنج

خواب مین دیکھے جو کوئی رنج اسپ ۔ اُسکو ہے تعبیر خوشحالی سے بس
دیکھتا جو تو رہا ہے سب جنم ۔ دمبدم حق کی عنایت اور کرم

سو تجھے کسوقت یاد آتا نہین ۔ ایک دُکھہ تجھسے سہا جاتا نہین
پس یہ تیری کسو ضع کی دوستی ۔ دلمین اپنے کچھ سمجھ لے پوستی

حکایت یکے بادشاہ کہ نوکر خود را بار دادہ بود

ایک نوکر کو دیا کوئی بادشاہ ۔ لطف سے کچھ پھل کرم کی کر نگاہ
وہ سو اُسنے لذت سے پھل کھانے لگا ۔ جب شہنشاہ دیکھ پچھتانے لگا

پس کہا شہ اُسکو اے روشن گہر ۔ دے مجھے بھی ایک ذرہ توڑکر
یونہی وہ بھی توڑکر آگے رکھا ۔ سخت تر کڑوا لگا جو شہ چکھا

پس کہا شہ نے کہ ایسی تلخ چیز ۔ کس وضع کھاتا تھا تو اے عزیز
بعدازان چاکر ادب لا کر بجا ۔ عرض کیتا یون کہ اے فرمانروا

مین جو تیری فضل سے نت مدام ۔ نعمتان کھاتا رہا ہون سب جنم
آج گر اک چیز کھایا تلخ تو ۔ کیا ہوا میٹھا ہے مجکو اس سے او

جو تو دیوے مجکو اپنے ہاتھ سے ۔ سو مجھے میٹھی لگے تو بات سے
اے بندے گر تجکو بھی کچھ ہووے رنج ۔ جان اسکی حق سے تو اُسکو گنج

یہان تو ہم اُنکو بھی اے مرد گھٹ ۔ نعل گھوڑے کے لگائے ہین اُلٹ
جنکو ہے اس راہ کی کچھ معرفت ۔ جانتے ہین رنج کو راحت صفت

پخت مردان دھو کی اپنے جیو سے بات ۔ خون دل کھاتے ہین روٹی کے سنگات

حکایت شیخ ابو سعید کی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ مُنتہا کو کہی کوئی پیر زن ۔ کچھ سکھا مجکو خوشحالی کے بچن
جو کرو نہین درد اُسکا روز و شب ۔ تا مگر یہ زنگ دل کا جائے سب

نامرادی سے کہ دیکھی ہون جنم ۔ کب خوشی سے نہین رہی مین ایکدم
شیخ بولے تجھے مین سب اپنی عمر ۔ دل خوشی ڈھونڈھتا پھر نہین کدھر

نہین بلا ذرہ مجھے اُسکا نشان ۔ کسو وضع تجکو ہوں خوشی کہان
گر خوشی ہے چاہتی اے پیرزن ۔ یا سوتی ہے یا کہ پڑتی ہے دسن

خوشدلی تو نہین کبھی اک بال بھر ۔ تو دیوانی ہو کے پھرتی ہے کدھر
نہین بہت جگ مین تجھے درکار ہے ۔ وہ کہ دنیا مین سٹالا چار ہے

حکایت کسے را عقرب گزیدہ بود

کسکے تین کاٹا بچھو تب زار زار ۔ درد سے روتا تھا وہ بیقرار
کوئی کہا اُسکو کہ مین لون علاج ۔ جا تو رو تا بیٹھہ ساری رات آج

سوال کردن مرغ دوازدہم

بارھوان آیا پنکھی کا رہنما ۔ کیون ہے جو کوئی امر حق لاوے بجا
حکم سے کرتا ہے طاعت مدام ۔ تا رکھے کب کچھ قبول درد کام

کیا نتیجہ ہوویگا اسکا سو بول / اس گرہ مشکل کو میرے کھول

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد نے کیا خوش ہے سوال / مرد کو اس سے زیادہ نہیں کمال
امر حق لایا بجا وہ چھوٹ پڑا / ما یہ سختی سے جان پر لٹ پڑا
حکم سے طاعت اگر ہے ساعت ایک / طاعت بے حکم ہی ۳۰ سالہ سے نیک
حکم جز حق کے جو کوئی طاعت کرے / وہ گُنتے کی خصلت خاصیت دھرے
گر کیا محنت کیا تو کیا ہوا / کچھ اُسے حاصل نہیں غیر از جفا
حکم حق سے جو کوئی طاعت کیا / اجر اُسکا ایک یہاں بھر لیا
حق نے جو فرمایا وہ لانا بجا / کچھ نہیں اپنا تصرف یہاں روا

حکایت بادشاہ کہ شہر را آراستن حکم فرمودہ بود و خود در میان نشستن آمدن او

کوئی چیلا تھا بادشاہ اپنے نگر / حکم فرمایا رکھیں رستے سنوار
بس ہزاران لوگ ہر اک جابجا / حکم تھا جو شاہ کا لائے بجا
چوک و بازار اور رستے سنوار / زیب و زینت سے کیا رشک بہار
اطلس و زربفت دیبا سے نگار / سب دکانوں کو کیا وان زرنگار
زر و گوہر لار کھے تھے جابجا / مشک و عنبر سے کیا تھا خوش ہوا
سیر کرتا شاہ جب آیا وہاں / یہ تماشا کچھ عجب پایا وہاں
شہر اپنا دیکھکر آراستہ / چوک اور بازار ہر اک راستہ
قیدیاں جو تھے بندی خانہ منے / سو تھا کچھ نقد جان بن اُن کنے
کوئی کٹا پا سر کو اور کوئی پاؤں ہاتھ / پس رکھے دکانپہ عضو یہ ساتھ
سیر کرتا شاہ جب آیا وہاں / جس جگہ تھے بندیاں و نے خون چکاں
وہاں اُتر گھوڑے سے شہ سبکو بلائے / لطف سیتی ہاتھ ہر اک کے دو بھلائے
سبکو خلعت اور نعمت سے نواز / خاص کے بند و نمین کیتا سرفراز
بعد ازاں شہ کو پوچھا کوئی راز دار / کس سبب اُترا تو یہاں اے شہریار
شہر اپنا دیکھکر آراستہ / چوک اور بازار ہر اک راستہ
اطلس و زربفت دیبا سے سنوار / سب دکانوں کو کئے ہیں زرنگار
گوہر و زر لار کھے ہیں جابجا / مشک و عنبر سے کئے ہیں خوش ہوا
کس تماشے پر نہ کی شہ نے نظر / اس بندیخانہ پہ کیوں آیا اتر
یہاں تو آئے ہیں تماشا کچھ نہیں / جو پڑا ہے سر کہیں اور دھڑ کہیں
کوئی لنگڑا کوئی لولہ ہے نہ کام / شاہ کے لائق نہیں ہے یہ مقام
پس کہا شہ بات سبکی اور ہے / سب منے تہرو پیونکا طور ہے
تمنے ہر اک زیب و زینت کے ساتھ / شان دکھلائی بوجہ الصفات
گر نہ کرتا حکم میرا یہاں گذر / کب جدا سر تن سی ہوتا تن سے سر
کام کیتے ہیں بچارے بندیاں / گر گئے ہیں جان و زن کا زیان
حکم میرا ہیں یہاں دیکھا روان / تب اُتر کر میں کھڑا ہوں اس مکان
خلق نے دیکھا کہ اپنا عز و ناز / حکمت و فن سے ہوئی ہیں حیلہ ساز
یہ بچارے ہیں تو سرگردان سب / حکم اور فرمان میں حیران سب
کوئی کیا ہے پیش اپنا نقد جان / گم کیا کوئی ہاتھ اک کوئی ور کان
حکم کے ہیں سب غریبان انتظار / تا کہ چلکر جائیں سو لیکے تلہار

یہ بندہ بیچارہ مجھے گلشن دسا — لطف پیراں سبھونکو ہے دسا
بندگی سے حکم پر چلنا بھلا — حکم سے اک موے نا ٹلنا بھلا

حکایت شیخ قطب عالم بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

قطب عالم بابرکت نامدار — خواب دیکھا اس وضع سے ایکبار
جو امین اور ترمذی اور بایزید — راہ سے جاتے ہیں باگفت وشنید
پس کئے دونوں نے مجکو پیشوا — میں بھی اُنکے حکم سے آگے ہوا
بعد ازاں ہوشیار ہو کہتے بجا — جو دئے کیوں وہ بزرگاں مجھ قبا
ناد سے تعبیر اسکی کچھ مگر — آہ بیخود ہو گیا تھا اک سحر
سو بدرقہ ہو کے رہ کا آہ او — لیکے پہونچایا مجھے درگاہ او
جب ہوا درگاہ سے میں فتحیاب — غیب سے آیا مجھے تب یہ خطاب
جو جتنے ہیں دو جہان پیر و مرید — سب منگے میں مجھسے لیکن بایزید
نہیں منگا وہ مجھسے کچھ بسر بے تغیر — مطلب اسکا میں ہی تھا باقی سو خیر
جب سنا اُس رات کو میں یہ خطاب — پس کہا نا یہ نہ وہ مجکو صواب
کیا رہا جو میں ابھی تجھسے منگوں — رنگ سے خواہش کے اپنا دل رنگوں
کیا منگوں تجھسے جو مجکو در دیں — گر منگوں تجھسے تجھے تو دور ہیں
حکم تیرا بس ہے مجکو مانگنا — خوب ہے فرمان میں رہتے بنا
جب کیا یہ حرف پیر نے دلمیں جا — تب کئے مجکو بزرگاں پیشوا
ہوئے جب گر یہ بندہ فرمان میں — مہر اسکی ہو میانکی جان میں
بندگی حاصل نہیں ہے لاف سے — بندہ ہونا اعتقاد صاف سے
بندگی وہ ہے جو آزمائش میں آئے — تو سنا نے بندگی کی پائے جائے
بندگی ہے سربسر افگندگی — تا رہے افگندگی میں بندگی
جب ہوا بندہ تو حرمت کر جتن — راہ سے حرمت کے عزت کر جتن
جو کرے ٹک سا بندہ بے حرمتی — حق دکھاتا ہے اُسے بے عزتی

حکایت خلعت دادن بندہ را باذن بادشاہ

کس بندیکو شاہ نے خلعت دیا — پہن خلعت گھر کو وہ راہی ہوا
ناگہاں کہیں منہہ پہ بیٹھی گرد و خاک — اور کیا آستین سے خلعت کی پاک
بات یہ جا کر کہا کوئی شاہ کو — شہ نے فرمایا کہ اس گمراہ کو
نرت سولی دو اُسے نا کر درنگ — جو رکھا نہیں وہ مرا ناموس و ننگ
تا کہ جگ میں خلق کو عبرت رہے — یہ سزا اسکی جو بے حرمت رہے

سوال مرغ سیزدہم در حضور ہدہد

تیرھواں آیا پنکھی سو بید رنگ — خرچ کو میری نہیں ہی کچھ او تنگ
جو مرے ہاتھ آئی سو خرچوں تمام — جمع کرنا ہے مجھے مطلق حرام
جس گھڑی جو آئے سو بچر کرنہ پائے — نیں کئی لگ خرچ دلمیں کدخدائے
نقد کو کچھ میں کیا جاتا جتن — ہاتھ کو لڑتا ہے بچھو کی نمن

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد کہ یہ تو خوش دسے — خوئے یہ ہوتی ہے اکثر کم کسے
یہ جوانمردی کی خصلت ہے تمام — سربسر ہے پاکبازوں کا یہ کام

راہ مین مولا کی جو کچھ ہے سودے
بعد ازان اسکا نفع تو دیکھ لے

اس جہان مین دل اپس کا سب توڑ
جو ٹوٹا تو اسکو پھر کر تو نہ جوڑ

دے جلا اک آہ سے سب ایکبار
خاک مین جا بیٹھ ہو کر خاکسار

جب کریگا تو اپس کو اس رضا
ہووگی حاصل تجھے حق کی رضا

جب تلک گذرا نہین سب چیز سے
شہ کنے کیون جائیگا دلیر سے

ہاتھ اول سب سے تو کوتاہ کر
بعد ازان آگے تو قصد راہ کر

جب تلک تو نہین ہوا یون پاکباز
کر سکیگا راہ تو طے کیونکہ ساز

جواب دادن پیر ترکستان گوید

کیا کہے ہین پیر ترکستان سخن
ہے مجھے بھی دو شئی سے یہ لگن

ایک گھوڑا اور دویم فرزند ہے
دل مرا دونون سے یکجا بند ہے

لائے جو فرزند میرے کی خبر
بخشدون گھوڑا اسکو شکر کر

بسکہ جب مین دیکھتا ہون یہ دو چیز
تب ہوس آنکھو مین آتی ہے عزیز

شمع صاحب لگ نہین کچھ سوز و ساز
تو انکو کہلا اپس کو پاکباز

پاکبازی کا جو کوئی دعوی کرے
سب اپس کی آبرو برہم کرے

پیٹ بھر جب کھائے روٹی پاکباز
غیب سے اسپر پڑے غم جانگداز

حکایت شیخ ابوالحسن خرقانی رح

شیخ حسن خرقانی دل کو موبمو
تھی مدت سے مچھلیونکی آرزو

ایکدن مانکو اپس کے ٹہر آرہے
روز آدھی مچھی اسکو لا کھلائے

ناگہانی از قضا ویسے منے
مار ڈالا شیخ کا بیٹا کنے

بس لگے کہنے کو مانسے شیخ وہین
مین کہا تمکو تو سو سو بار مین

آرزو سے کھاؤ نہین جب کچھ طعام
خون دل کا مجکو بھر دینے تمام

سخت مشکل آپڑی ہے مجھ پہ اب
نہین سمجھتا آئیگا بھی کیا اسلوب

گرچہ ہے میرے پہ سو سو غم پہ غم
مین اپس پر جانتا ہون کم سے کم

کھینچتا ہے حق جسے اپنی طرف
راہ دیتا نہین زبانکی اس طرف

لذتان کرتا ہے سب اسپر حرام
دکھ منے رکھتا ہے نت اسکو مدام

کئی ہزاران عاشقانکے جیو نزار
اسکی خونریزی پہ ہوتے ہین نثار

جب کرے دو چیز کا وہ میزبان
امتحان کا بھیجتا ہے کاروان

عاشقان یعنی آرزو نت اٹھ دھرین
جی اپسکے جیو کو قربان کرین

حکایت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ

شیخ ذوالنون پیشوا ایسے نامدار
نقل کرتے ہین کہ مین کب ایکبار

گین بیابانمین چلا تنہا لیکے راہ
جب توکل پر خدا کے کر نگاہ

وہان نظر آئے مجھے چالیس تن
خرقہ پوشان اور بیجان بیکفن

عقل میری ہوش سے جاتی رہی
یہ کہ شعلہ دل منے کھاتی رہی

پس کہا مین جیو مین اے پروردگار
دوستونکو کیون کیا تو خوار و زار

تب دیا ہاتف نے مجکو یون ندا
کام میرے یونہی ہین اے مرد گدا

دوستونکو یونہی کر لیتا ہون مین
پھر کے انکا خونبہا لیتا ہون مین

جب تلک ہی خونبہا میرے کنے
مارتا ہون دوستونکو تل منے

کیا ہے انکا خونبہا میرا لقا / جس لقا سے پائینگے دایم بقا
روز محشر کو کرونگا سرفراز / دونگا مین دیدار انکو دل نواز

آئینگے جس روز میرے روبرو / خوف سے اپنے رہین گے سرخرو
دیکھ مہر آفتاب ذوالجلال / محو ہوکر جائینگے سایہ مثال

ہووینگا جو محو مجکو دیکھکر / تا رہیگی کچھ اُسے تن کی خبر
کچھ عجب ہے اے فلان یہ محویت / نین کہی جاتی ہے جسکی کیفیت

خرچ کرہان سر کو اور اسرار دیکھ / خود سے گم ہو اور خدا سا یار دیکھ

حکایت فرعون ملعون گوید

بات جانبازی کی ہے سن بیان / جبب گئے فرعون کو وہ ساحران
خوف کچھ فرعون کا دلمین نہ لا / یونہی بولے حق ہے موسیٰ کا خدا

کیا ہے وہ دولت جو وہ حاصل کئے / جیو اپنا دیکے وہ ایمان لئے
یک قدم رکھہ دین کے میدان مین / اس جہانسے گئے نکل کر آن مین

رفت آمد اس سے ہے بہتر کہان / جانتے ہین یہ مراتب عارفان

سوال کردن مرغ چہاردہم

چودھوان پنچھی کہا اے باخبر / مرد کی ہمت کو ہے کچھ بھی اثر
گرچہ مین ظاہر مین ہون پنچھی ضعیف / ہے مجھے ہمت حقیقت مین شریف

دوسری مین گرچہ طاقت ہی مجھے / پر نزت پاوے بڑی ہمت مجھے

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد کہ ای صاحب نفس / مرد کو دنیا مین ہمت ہے سو بس
کیا ہے تمکو مین کہون ہمت بلند / مطلب عالی کو ہے تیرے کمند

مدعا کی تن پہ ہمت بس ہے / عشق کے جذبہ کو مقناطیس ہے
جسکو ہمت ہوویگی دسترس / ہاتھ آیا ہے اُسے سمجھو پرس

حکایت یوسف را بردن و دربازار مصر فروختن

جس گھڑی بازار مین یوسف کو لائے / مصر کی لوگان خریداری کو آئے
کوئی تو انکو وزن سے پانچ بار / شوق سے دینے لگے مشک تتار

کوئی برابر اسکے زر دینے لگا / کوئی جواہر اور گوہر دینے لگا
اک گھڑی ویسے مین وہان اک پیرزن / تن سو چرخہ سر سو گالہ کے من

لیکے آئی ایک تانہ سوت کا / وہ سو مایہ زنت اسکے قوت کا
بس کہی دلال کو یہ سوت لے / بیچتا ہے تو مجھے یوسف کو دے

بعد ازان ہنس کر کہا دلال وو / تو سو کیا اور کیا ترا تانہ ہے یو
کان یہ زر کا گنج کان تیرا یہ سوت / تو دیوانی ہوئی کیا لاگا ہے بھوت

بس لگی کہنے بڑھی دلال سے / جانتی مین بھی تہو حق اپنی ذات سے
لیکن اتنا بس مجھے دنیا مین پاؤن / جو خریدار و مین یوسف کی کہاؤن

پائے ہر کوئی جگ مین ہمت سو نام / رہ مین مولا کی ہمت آئے کام
دیکھ ہمت بلخ کے سلطان کی / کس وضع کی سلطنت کس شان کی

چھوڑ کر اک پل مین ہو سب سے جدا — کیون لیا مردون نمن راہِ خدا
انکھیان خورشید سے لایا ہے جو — کب نظر مین لائیگا ذرّہ کو وہ
پاک ہمت ہو جو اُسکی راہ پر — اس خس دنیا پہ نین کرنا نظر

حکایت نالیدن درویش وجواب دادن اورا ابراہیمؒ بن ادہم

کوئی درویشی سے تھا نالان فقیر — دیکھکر سلطان ادہم اسکی دہیر
ہنسکے بولا وہ گدائے بنلا — مول لیتی ہے فقیری کیا بھلا
آرزو سے دیکے درویشی لیا — سو سمجھتا ہون کہ مین کچھ نین دیا
اہل ہمت جیو کو کرتے ہین فدا — درد سے محفوظ رہتے ہین سدا
گر تجھے اس راہ مین ہمت نہین — پس تری قسمت مین یہ نعمت نہین
لطف سے کہنے لگے اے بیخبر — مفت درویشی ملی ہے تجھ مگر
بعد ازان سلطان کہا اے بدمزاج — مین تو اپنا ملک و مال و تخت و تاج
قدر درویشی کی ہے میرے نزدیک — کیا تجھے معلوم اے مرد رکیک
دین و دنیا سے وے جاتے ہین گذر — دمبدم انکا قدم ہے پیشتر

حکایت شیخ غوری کہ با بادشاہ سنجری مناظرہ کرد

شیخ غوری شہر سے جا ایک بار — ملکے دیوانون مین بیٹھے پل کنار
شیخ بولے مین ہین بے پاؤن سر — بے خبر دنیا سے حق سے باخبر
اور ہماری دشمنی گر ہے تجھے — دین سے دکھلائین خارج کر تجھے
بس کہا سنجر نے انکو مجکو تم — مین دیو باتون سنے ہوتا ہون گم
نا تمن سے فخر ہے نا مجکو ننگ — نا تمن سے صلح رکھتا ہون نہ جنگ
کیا ہے ہمت یہ پکھیرو سر بسر — دمبدم پرواز جسکا تیز و تر
از قضا سنجر بھی نکلا جا وہان — شاہ پوچھا کون بیٹھے ہین یہان
گر تو ہوتا ہے ہمارا دوستدار — کھینچ لیتے ہین تجھے دنیا سے بھار
دوست ہے تو آ ہمارا ہو رفیق — ہے اگر دشمن تو لے اپنا طریق
نا تمھارا دوست ہو سکتا ہون مین — نا تمھاری دشمنی رکھتا ہون مین
مین ابھی جاتا ہون تم خوش ہو رہو — نا مجھے تم یہ کہو نا وہ کہو
سیر اُسکا عالمِ ہستی سے بھار — عالم ہُشیاری و مستی سے بھار

حکایت مرد دیوانہ کہ شب زاری میکرد

ایک دیوانہ رات کو روتی زار — بولتا تھا یہ جو کیا ہے روزگار
موئے جب سر مین بٹھی سرپوش کاڑ — جسکو پر ہے جائے اُڑ دو بازو کو جھاڑ
گر تجھے بھی ہوینگے ہمت کے پر — جائیگا اس قید سے پرواز کر
نین تو بال و پر جلا دے تو بھی جل — تاکہ رب سے جاکے پہونچے گا اول
اک پٹارا ہے کہ جسمین ہم تمام — پھڑپھڑاتے ہینگے جون مرغان تمام
اور نہین جسکے پرن سو پڑ رہے — پس پٹاری مین جفا کی اڑ رہے
بند ہے تو اس پٹاری مین جھلک — گر اسکے بال و پر پیدا ملک

حکایت مردِ عاشق با شبرک

کوئی کہا پنچھی کو اے بدروزگار | کیون نہین دن کو نکلتا گھر سے بھار
تا نظر آوے اجالا روز کا | منھ دکھاوے سورج گیتی فروز کا

اس اندھارے مین رہیگا کب تلک | گھر کے کہنو مین چھپیگا کب تلک
دیس تیرا سب سے بدتر ہے سیاہ | رین ہے تیرے پہ ظلم آہ آہ

گر تو دیکھیگا جو مکھڑا سور کا | پائیگا آنکھون مین حصہ نور کا
آ ادھر تو دیکھ شمس موج زن | کب تلک تو بیٹھتا کر کے وطن

بس کہا پنچھی کہ اسے اے بیخبر | کیا مجھے کام آئیگا سورج چندر
سور کا مجکو دکھاتا ہے سو نور | سور تو نور حقیقی سے ہے دور

زرد رو پھرتا ہے ماتم بھیس کر | تا کتا پھرتا ہے نت اٹھ در بدر
شام کو خونین شفق کی ہو کر لال | چھپ رہے ہے ساری رین جا کر پتال

ایکدن ہو جائیگا وہ بھی سیاہ | نا کرے اسکی طرف کوئی نگاہ
روز میرا در حقیقت ہے رین | دیکھنے جسکے ٹھنڈے ہوئین نین

عاشقون پر جلوہ گر جب ہے رات | دیکھتے ہین آفتاب نور ذات
آشکارا ہو وے جب وہ آفتاب | خلق ساری ہو رہے مشغول خواب

پر توے سے اسکے شرما کر یہ سور | چھپ رہے مغرب کی گود مین ضرور
جسکو بیداری رہے ہے ہر رین | دسنے آوے آفتاب اسکے نین

تجکو گر چہ دیکھنے کی ہے ہوس | سو نہ تو غفلت سے ہرگز یک نفس
ہے مجھے جو شب کی بیداری یہ سبت | گرد اس خورشید کی پھرتی ہون نت

دیکھتی ہون جب مین خورشید مجاز | چھپ رہی ہون گھر مین اپنے ہو براز
جسکے نین ہے نقد خورشید آلہ | وہ کسے آتا نہین ہرگز نگاہ

گر تجھے ہمت ہے بازونکے تن | ہاتھ پر شاہانکے ہو تیرا وطن
ہے اگر تیرے تئین ہمت نہین | کسکے نظرونمین تجھے حرمت نہین

جسکو ہمت ہوئیگی سو مرد ہے | وہ تو صورت گندگی سے فرد ہے

سوال مرغ پانزدہم

پس پوچھا پنچھی نے پدرھوان صفا | کیون ہے اس گدہ مین انصاف و وفا
طبع مین میری جم انصاف ہے | بیوفائی سے بھی سینہ صاف ہے

ہوئیگی جسکی طبیعت اس وضع | کیا جزا اسکا ہوئیگا کس وضع

جواب دادن ہدہد اورا

پس دیا ہدہد نے اسکا یون جواب | سب سے ہی انصاف کی خصلت صواب
کیا کہو انصاف کی مین تجھسے بات | ہے سچی انصاف سلطانی صفات

تجھسے گر ہو آئیگا انصاف ایک | عمر کے روزے او رنمازونسے ہی نیک
دلمنے انصاف اپنے جو کرے | سب سے زیادہ وہ جوانمردی کرے

نا کرے انصاف جو کوئی آشکار | باطن اسکا بیوفائی سے ہی خوار
مرد نہین انصاف جتنے کس کنے | وہ سو منصف وہ بچن اپنے منے

حکایت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ

احمد حنبل ہے امام روزگار | کچھ نہین جنکی فضیلت کا شمار
جب فراغت علم سے پاتے تھے وو | تب بشر حافی کنے جاتے تھے وو

لوگ انکو منع کرتے خیرخواه ۔ کیا سبب ہے بشر سے تم کو راه
خلق عالم کے انھین ہو کر امام ۔ کیا انھین سر پا برہنہ سے ہے کام
پس کہے احمد کہ مجھکو بیشتر ۔ گرچہ ہے مسئلہ مسایل کی خبر
علم حق پیرے سے ہے انکو زیاد ۔ حق کی پہچانت انھین ہے اوستاد
جنکے دلمین اسطرح انصاف ہووے ۔ کیون نہ سینہ آرسی سے صاف ہووے
ایک تو انصاف سے ہے بے خبر ۔ منصفی پر منصفونکی کر نظر

حکایت اسیر نمودن سلطان محمود راجۂ ہندرا و مسلمان کردن اورا

ہندوانمین کوئی تھا راجہ گھنیر ۔ کہین ہوا محمود سلطان کا اسیر
لیکے آئے جب اُسے محمود پاس ۔ تب کیا دین سے نبی کے روشناس
جب ہوا اسلام سے وہ آشنا ۔ دل دو عالم سے کیا اپنا جدا
ایکلا جا کر کہین گوشہ کنار ۔ راتدن رونے لگا وہ زار زار
کچھ نہ تھا اُسکو بغیر از سوز و آه ۔ روز اسکا رات سے بدتر سیاه
سوز و زاری جب گئی حد سے گذر ۔ ہوئی بران محمود سلطانکو خبر
بس بلا راجہ کو شاهِ نامدار ۔ مہربانی سے کہا کیون تو ہے زار
مین تجھے دونگا ابھی کچھ ملک و مال ۔ جو تو اک ساعت مین ہووےگا نہال
رونہ تو اسطرح سے راجہ گھنیر ۔ دُکھہ منے اپنا نہ کچھ کاٹو سر بر
بس لگا کہنے کو راجہ شاه کو ۔ مین تو روتا نہین ہون ملک و جاه کو
گریہ زاری ہے مجھے اسکے سبب ۔ جب قیامت مین کہیگا مجھکو رب
اے مرے بدعہد بندے بیوفا ۔ تو کیا ہے کسطرح مجھسے جفا
نہین کیا تو یاد میرا تب تلک ۔ تجھپہ نہین محمود آیا جب تلک
جب کیا لشکر کشی تیرے پہ او ۔ آسرا میرا لیا اے زشت خو
نہین کیا تو یاد بن لشکر مجھے ۔ دوست سمجھون یا کہ دشمن تجھے
اس وفاداری منے ہے کیون روا ۔ کب تلک مجھسے وفا تجھسے جفا
اس طرح گر حق کرے مجھسے خطاب ۔ کیونکہ دون اس بیوفائی کا جواب
ہے شرمساری مجھے اسبات کی ۔ سوز دن کا اور زاری رات کی
تو بھی اے رو بین ہو دل ریش آ ۔ آهِ انصاف و وفا در پیش لا
ہے وفا تجھکو تو عزمِ راه کر ۔ نہین تو ہاتھ اسبات سے کوتاه کر
جو ہوا راهِ وفاداری سے دور ۔ ہے جوانمردی مین اسکی کچھ قصور

حکایت غازیان کہ با کافران جہاد کرده بود

غازی و کافر ہوئے تھے جنگ ساز ۔ آگیا ایسے منے وقتِ نماز
پس رضا کافر سے غازی لیکے پھر ۔ وے نماز اپنی لگے پڑھنے کو پھر
بعد ازان کافر اپسکے وقت پر ۔ لے رضا غازی سی جا اشنان کر
ہو کے اوندھا سر جھکا کر بت کنے ۔ تب کہا غازی اپسکے دل منے
یہ تو اوندھا ہو رہا ہے بے خبر ۔ وقت فرصت کا مجھے ہے خوبتر
کھینچکر شمشیر جب جانے لگا ۔ ہاتفِ غیبی ندا اُسکو دیا
کاے جوانِ بیوفا بے اعتبار ۔ خوب عہد اپنا دکھایا استوار
وہ جو تھا بدبین کافر بت پرست ۔ نہین کیا تیرے سے عہد اپنا شکست
تو مسلمان ہو کے بدعہدی پہ آئے ۔ کیا کہا جاوے تجھے اے وائے وائے
دیکھ کافر کی بھلائی تھی سو کیون ۔ تو جوانمردی نکر اب اس سے یون

وہ کہا نیکی نو کرتا ہے بدی / نا ملیگی تجکو بھی نیکی کبھی
تھی وفا کافر سے او تجکو امان / ہے ابھی تیری وفاداری کہان

ہے مسلمان نا مسلّم ہے تو کیون / کافرونسے عہد مین کم ہے تو کیون
گر تجھے ہے عقل کے سود مین سود / دیکھ جا مصحف مین اَوْفُوا بِالْعُهُوْد

سن یہ غازی بات حیرت مین پڑا / خوف سے دھو جا خجالت مین گرا
کافر اُسکو دیکھکر حیران و زار / ہاتھ مین شمشیر ننگی آبدار

پس اُسے پوچھا کہ تو روتا سو کیون / تب کہا غازی نی تیرے کاج یون
حق تعالی نے کیا مجھپر عتاب / بیوفائی کا دیا مجکو خطاب

سنکے اتنی بات کافر آشکار / ایک نعرہ مار رویا زار زار
پس کہا یارب کہ مجھ دشمن بدل / دوست کا احوال پرلایا خلل

بیوفائی کیون کہو نہین اب روا / لطف سے دکھلا مجھے راہ ہدا
اے دریغا مین تو سب اپنی عمر / فضل سے تیرے رہا ہون بیخبر

اسوضع کافر پہ ہے جب فضل رب / پس نہو تو بیوفا اور بے ادب
فضل کر کونی رو زنا طاس فلک / تجھے تیرے فعل بولے بک بیک

حکایت قحط سالی کنعان و آمدن برادران یوسف علیہ السلام در مصر

قحط سے بھائی دیکھو یوسف کے جب / مصر مین کنعانسے آئے چلکے سب
قحط سالی کا لگے رونے کو دکھ / آب سے چشمونکے ہر اک دھوئے مکھ

حضرت یوسف تو برقع منہ پہ ڈال / تخت پر بیٹھے تھے باجاہ و جلال
پاس تھا اک طاس پس اُس طاس پر / ہاتھ مارے تب اُٹھا جھنکار پر

پس کہے بھائیونکو یون ای یارہو / کیا خبر یہ طاس کہتا ہے سنو
بعد ازان بولے وہ یاران ناشناس / کیا سمجھ ہمکو یہ کہتا کیا ہی طاس

تب کہے یوسفؑ کہ مین بولون سخن / طاس جو کہتا ہے سو راز سخن
کوئی تمہارا بھائی تھا یوسفؑ مگر / پاک صورت رشک خورشید و قمر

پھر کے مارا طاس پر یوسف نے ہاتھ / پس کہے یہ طاس یون کہتا ہے بات
جو تمہین اُس بھائی کو صد آہ آہ / جھونکڈالے ہین کوئین مین بیگناہ

پیرہن اُسکا رنگا پھر خون سے / گرگ نے کھایا کہے یعقوبؑ سے
بار دیگر طاس کو یوسفؑ بجا / طاس کہتا ہے سنو پھر اس صدا

بیچ ڈالے بعد اُسکے بھائی کو / جھوٹ بولے بات پھر یعقوبؑ کو
کوئی کافر بھی کرے نہین اسوضع / جو کئے ہو بھائی سے تم جسوضع

یہ سخن سنکر وہ حیران تب ہوئے / گئے تھے روٹی کو سو گل پانی ہوئے
تب تو بیچے تھے فقط یوسفؑ کی ذات / اب ہمین بیچے گئے حسرت کے سات

جون کوئین مین ڈال اُس آئے سبھی / آپڑے ہین وہی کوئین مین یون ابھی
کیا وہ اندھا ہے جو سنکر یہ قصا / دل مینے غیرت سے نا لیوے حیا

کیا کہو نہین تجکو خوبی کی نظر / یہ قصہ تیرا ہے سن اے بیخبر
بیوفائی کا جو تو کرتا ہے کام / آئیگا تیرے ہی آگے وہ تمام

عمر کے جب طاس پر پڑینگے ہات / دسنے آویگی تجھے ہر ایک بات
صبر کرتا خواب سے تجکو جگا مین / کام نالایق ترے تجکو بتا مین

عمر کا بجنے لگئے گا طاس جب / دسنے آوینگے ترے افعال تب
ہوش ہی نو عاقبت کا کر بچار / نین تو آخر طاس بولیگا پکار

حکایت در سوال مرغ شانزدہم و گستاخی کردن او

سولھوان پنچھی سو آکر یون کہا ۔ ہے کچھ اس درگہ مین گستاخی روا
جو کرے گستاخ ہو کر بات کو ۔ کس طرح اُسکی جزا مجھسے کہو

حکایت جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد کہ جو ہے اہلِ راز ۔ قرب سے حق کے ہے دایم سرفراز
گر او گستاخی کرے تو سہل ہے ۔ محرمیت کے سبب وہ اہل ہے
جسکو ہے معلوم حرمت اور ادب ۔ وہ جو گستاخی کرے تو ہین عجب
تا کہ ہر اک بے ادب جا کر نفسر ۔ قرب کے دستور سے ہے بیخبر
وہ جو گستاخی کری خاصون کے سا ۔ جان اور ایمان گنواوے ایک بار
ناز محبوبان کرین تو کیا عجب ۔ جو دیوانے ہین محبت کے وہ سب
وہ جو گستاخی کرے تو خوش دِسے ۔ بات دیوانیکے سُن ہر کوئی ہنسے
وے سلامت ہین ملامت سے مدام ۔ کوئی خاطر لاوے نہین انکا کلام
تو بھی دیوانہ ہے تو گستاخ ہو ۔ بار کو دیوانگی کے شاخ ہو

حکایت شیخ بایزید بسطامی قدس سرہ

کہین جنگل بین بایزیدِ نامور ۔ جا کے بیٹھے تھے کہین زیر شجر
مست بیٹھے تھے دو جگ سے بیخبر ۔ سر پہ ٹوپی اور گدڑی اوڑھکر
غیب سے ویسے مین آیا یہ ندا ۔ بیچتا ہے اپنی ٹوپی اسے گدا
پس کہے گستاخ ہو کر بایزید ۔ تو یہ ٹوپی کرنے سکتا ہے خرید
کیا ہے تیرے پاس جز دنیا و دین ۔ مین تو لاتنے پر نہ دون ٹوپی یقین
بھی ہووے اس سے زیادہ بھی لا ۔ نہین تو چپ کر بیٹھ اپنے ٹھار جا
نہین ہے اک عجب کہ وہ کہنے مین آنے	بلکہ ایسا ہے کہ دوجا کوئی نا پائے	ایک ہے ایسا نہ از روئے عدد	تا ازل معلوم اُسکو نا ابد
جب ازل کو اور ابد کو کوئی نہ پائے	ہیچ ہین دونون منے کچھ بھی نہ آئے	جو ہمین سب ہیچ ہین اور ہیچ سب	ہیچ ہین کوئی اصل مین کیا پائے کب

حکایت مرد دیوانہ کسے از احوال جہان پرسید

کس دیوانے سے کہا کوئی یون عزیز	بول مجکو یہ جہان کیا ہے سو چیز	پس کہا وہ یہ جہان ہین نام و ننگ	یک درخت موم ہے سو بھانت رنگ
جب گرد اطلس مین اُسے یون لیکے ہات	ہوئیگا سب موم ملکر ایک ذات	جونکہ یہ سب موم ہے بھی کچھ نہین	جان وہان کس ذات کی خواہش نہین
	ہوئے جب یک سو کوئی کچھ نا رہے	یہان تو کوئی یہ کہے نا وہ کہے	

حکایت بو علی قلندر کہ پیر زن یک رقعہ نذر آوردہ بود

ایک بوڑھی بو علی کے پڑ گلے ۔ رقعۂ زر کر نذر بولی کہ لے
شیخ بولے کہ مجھے بے تھا یون ۔ جو خدا یا دے مگر کس سے نہ یون
بعد ازان بولی بوڑھی اے بو علی ۔ مین گئی تجھ سے ابھی تک اے ولی
مرد یہان ہرگز نہ جانے کسکو غیر ۔ ہے اگر کعبہ و گر ہے نقش دیر
جو کوئی ان تین پر دل نا رکھے ۔ ذات سے حق کی ہمیشہ مل رہے
وہ کبھی دیکھے نہ غیر از حق کسے ۔ وہ نہ جانے غیر حق مطلق کسے
وہ سو اُسکے ساتھ اُسے اِس مین جم ۔ اور جدا تینون صفت سے جیسے جم
بحر مین وحدت کی جو کوئی گم نہین ۔ شکل ہے مردم کی پر مردم نہین
عاقبت یکر زوہ خورشید غیب ۔ منہ دکھاوے گا اپسکا کھول جیب
جو ملا خورشید سے آپس کے سو ۔ نیک و بد سے اپنے فارغ ہے سو وو
جب تلک تو ہے تلک ہے نیک و بد ۔ گم ہوا تو نیک نا کوئی پائے بد
لے رہا ہے تو ہلاک راہ وجود ۔ نیک و بد ہوتا ہے سب تجکو نمود
کاش ہوتا تو عدم اول من ۔ تا نہ ہوتا تجکو کچھ یک ما و من
آ ابھی تو ہو صفات بد سے پاک ۔ بعد ازان کچھ یہان نہ کچھ ہوا کہ خاک
کیا سمجھ تجکو جو تن مین ای فلان ۔ کیا نجاست کیا بلا مین ہین نہان
سانپ بچھون کر ہین پر و اندر ۔ سوئے ہین خاموش ہو کر بیخبر
گر جگا و بگا تک انکو یک ملا ۔ زور دو وڑین ہو کے ہر یک بر بلا
سانپ بچھون مین ہر اک تو ہین ۔ خوب دیکھیگا تو دوزخ بیچ ہین
سانپ بچھون کر کے سب و رنو ۔ بعد ازان جا گو رہین آسودہ سو
مین تو یہ بچھو تجھے اور سانپ تم ۔ کاٹتے رہین گے قیامت تک جو تم
و جدا یا بیہودہ کیا بکتا ہے بول ۔ شیخ کی توحید کا اسرار کھول
مرد سالک آئے اس وادی مین جب ۔ نار ہین آپس مین آپ ہین وہ نسو جب
ہووے گم یہ جبکہ پیدا ہووے وو ۔ ہو گیا گم جو کوئی پایا ہے سو
جز سے کل ہو کر نہ جز تا کل رہے ۔ جان و تن جا کر صفت صورت رہے
دیکھ اس نکتے کا یہ سر عجب ۔ صد ہزاران عقل ہین یان خشک لب
یہان نگاہ عقل کو کچھ نہین دھندلا ۔ ہو کے مانگے پیٹ سے بہرا ندھا
جسکو یہ ٹک گر جھلک اپنا دکھائے ۔ وہ دو عالم سے بس کا منہ پھرائے
سب خودی اپنی گنوا خود ہو رہے ۔ سدھ سے اپنی جا کے بے سدھ ہو رہے
نیست ہو کر ہست کا لیتا ہے شان ۔ مین بھی ہی یہ نہین مطلق پہچان

حکایت حضرت لقمان کہ دعا از جناب کبریا کردہ بود

کرو دعا لقمان کہے ہین یا الٰہ ۔ مین بندہ بوڑھا ہون اور پر باوفا
بس لکھین بوڑھے بندیکو شاد کام ۔ کر گے آزاد اُسکو فرمائے ہین کام
ہین عبادت مین کیا ہون سر سفید ۔ مجکو بھی آزادگی کی ہے امید
بس کہا ہاتف کہ سن اے بندہ خاص ۔ بندگی سے جو منگے ہووے خلاص
عقل اُسکی ہووے گم تکلیف جائے ۔ چھوڑ کر دو تو نکو اس در گہ مین آئے
شیخ نے بولے کہ مین منگتا ہون کچھ ۔ عقل اور تکلیف نین در کار مجھ
بس یکایک ہو گئے دیوانہ شیخ ۔ عقل اور تکلیف سے بیگانہ شیخ
بس کہے کوئی یہ گرہ کھولو تمہین ۔ بندہ نین تو کیا ہوا بولو تمہین

یہان نہ بندگی اور آزادی رہے
دل منے کچھ غم نہ کچھ شادی رہے
پر صفت ہون اور نہین ہین بے صفت
مرد عارف ہون وہ لے نہین معرفت

نہین سمجھنا ہین جان یا تو یہی آ رہے
ہوگیا سب محو مین تو نا رہے

حکایت عاشق و معشوق گوید

کہین ہوا معشوق کسکا غرق آب
عاشق اسکا بھی پڑا جا کر شتاب
ڈوبنے دونون لگے پانی مین جب ان
تب کہا معشوق نے عاشق سے یون

مین تو یہان آکر پڑا تھا ناگہان
آپسے آکر پڑا تو کیون یہان
پس کہا مین یون پڑا ہون آنکر
آپسے مین ہین جدا نہ جان کر

کئی مدت سے مین ہون مل تیری سنگات
ہو رہا ہون ایک نین مین یونکہ بات

حکایت سلطان محمود و گفتگوئے ایاز

غزنوی محمود سلطان نامدار
دیکھنے لشکر کو نکلا ایک بار
جمع کر لشکر حشم کو ایک ٹھار
ایک بلندی پر ہوا شہ ایک بار

خاص تھے خلوت منے دو اہل راز
یک حسن پر دوسرا اور دویم ایاز
شاہ اپنا دیکھکر لشکر حشم
دل پہ دے لگ گھوڑے اٹھے سب یکدم

شادمان خاطر ہو بولا اے ایاز
تو سو ہے محبوب میرا دل نواز
ہے جتا یہ ملک اور لشکر سپاہ
اب یہ تیرا تو سو میرا بادشاہ

گرچہ یہ بولا شہ عالی گہر
چپ رہا سنکر ایاز نامور
پس حسن بولا دہان جب یا حضور
اے ایاز بے ادب اتنا غرور

شاہ نے تجکو نوازا تھا سو یون
تو ادب اسکا بجالایا سو کیون
پس ایاز اسکو دیا حالی جواب
نہین ہمین تو غافل ز راہ صواب

ایک تو یون ہے زمین کو چوم کر
عجز کیتا یا پڑا مین خاک پر
پس مقابل شاہ کے انعام پر
مین ہوا گویا برابر سر بسر

کون ہو مین تا برابر کر سکون
خود نمائی کا سخن مین کیون کرون
مین غلام اسکا ہون وہ مالک مرے
حکم اسکا ہے نہین ہین کچھ مرے

یہ سخن سنکر حسن بولا شاباش
آفرین ہے اے ایاز حق شناس
کیون نہ ہو روزی تجھے انعام شاہ
کیون نہ ہووے دمبدم پیغام شاہ

یہ سخن جو تو کہا سو ہے صواب
بول دیگر بھی ابھی جو ہے جواب
بعد ازان بولا ایاز ہوشیار
راز پنہان کیون کرون مین آشکار

شاہ سے خلوت اگر ہوتی تجھے
بات کی لذت وگر ہوتی تجھے
تو سو حالی راز کا واقف نہین
کیا کہون تجھسے جو تو محرم نہین

پس حسن کو شاہ فرمایا خطاب
حاضری لے فوج کی جا کر شتاب
جو ہوا خلوت کہا شہ اے ایاز
اس جواب خاص کا کر کشف راز

بعد ازان بولا ایاز نامور
شاہ جب کرتا ہے میرے پر نظر
روشنی سے اس نظر کی اے سخن
محو ہو جاتا ہے میرا تن بدن

شاہ کے پرتو سے میرا یہ وجود
گم ہو جاتا ہے کرون مین کیون سجود
تو کیا جو یک نوازش ہا ہزار
وہ نوازش جان تو اسکی بہار

بہانہ ہون کیتا کہ بندگی کر دکھاؤن
تو ہے جون خورشید مین ہون ہیچ چھاؤن
چھاؤن جون خورشید مین گم ہو کے جائے
چھاؤن کا نام و نشان ہرگز نہ پائے

جب بندہ ہووے غائب حق رہے ۔ باطل اُٹھ جاوے تو حق مطلق رہے

حکایت وادی ششم حیرت گوید

بعد ازان حیرت کی وادی پیش آئے ۔ مرد یہان حسرت سے اپنی منہ گنوائے
ہر نفس اُسکو ہووے کھانڈے کی دھار ۔ پھوڑ چھاتی روتے تلملا زار زار

آہ درد و سوز سے نت تلملے ۔ درد و غم سے شب ٹلے نا دن ٹلے
ہووے ہر اک موئے اُسکے نیشتر ۔ خون دل آئے اُبل کر بیشتر

مرد حیران کب وہان تک راہ پائے ۔ معرفت کی راہ حیرت سے گنوائے
جب اُسے توحید دلبر آئے سو ۔ پل مین گم ہو پل مین گم ہو جائے سو

گر اُسے پوچھین کہ تو بھی ہے کہ نین ۔ او کہے کچھ مین سمجھتا ہون سو مین
مرد عاشق ہون ولے کسکو کہون ۔ نا مسلمان ہون نہ کافر ہون اچھون

عشق ہیرے کی مجھے کچھ نہین خبر ۔ ہے ولیکن عشق کا دلمین اثر

حکایت دختر کسے بادشاہ کہ خوبصورت بود

تھا کہین کوئی بادشاہِ نامدار ۔ اُسکی دختر ایک تھی چنچل نگار
طرۂ شب رنگ جسکا دام دل ۔ رخ نورانی آفتابِ کام دل

حُسن مین تھی اسکو رشکِ پری ۔ ڈھونڈھتی پریون پنچھی وہ سروری
نوش لبے شیرین دہن شیرین سخن ۔ بے تکلف خضر کا چشمہ ذقن

غمزہ جادوگر تبسم دلفریب ۔ خوش نگاہِ دشمنِ صبر و شکیب
ہوشیاران دیکھ اُسکے نین مست ۔ ہوئین پل مین بیخود و بے پا و دست

دلبرِ نازک ادا شیرین مقال ۔ جلوہ گر سر تا قدم اُسکا جمال
از قضا اُس شاہ کا بھی یک غلام ۔ حسن مین تھا غیرتِ ماہِ تمام

یوسفِ ثانی کہا جاوے جسے ۔ جگ مین جوڑا کوئی اُسکا نا دسے
جس گلی بازار مین چلجائے او ۔ نار و نر حیرت سے جاوے دنگ ہو

ناگہان دیکھی اُسے چنچل کہین ۔ عقل و ہوش اپنا گنوائی سب وہین
جوش کھا کر گر پڑی یکبارگی ۔ تن مین جیو نے کیا آوارگی

عشق کے آنے سو گئی سب عقل ہاٹ ۔ سُدھ نکل گئی ہوئی صبوری سینہ پھاٹ
جب نپٹ ہوئی دلمین وہ زن بیقرار ۔ تب سہیلیو سے لگی کرنے پکار

از قضا اسکی سہیلان تھین جو دس ۔ تھین وے سب فن مین نپٹ ہو دسترس
خوش گلو گانے مین ہر یک پری ۔ ناچنے مین طاق ہر یک چند بھری

گیان مین او گن مین ہر یک سحر کار ۔ چاند کو آسمان سے لاوین اُتار
بعد ازان وہ شاہزادی آن سنگات ۔ راز دل ظاہر کری اور جیو کی بات

جیو مرے پر عشق نے لایا ہے زور ۔ ہوئی ہون یک ماہ سے مکھ کی چکور
عشق نے اُسکے کیا ہے مجکو زیر ۔ رنج و حسرت نے لیا ہے مجکو گھیر

وہ سو میرے باپ کا ہیگا غلام ۔ کیون کرو مین بخیہ سودائے خام
گر اُسے پھسلاؤ مین جو اپنے سنگ ۔ نا رہے ہرگز مرا ناموس و ننگ

صبر کرنیکی بھی نین طاقت مجھے ۔ درد سہنے کی کہان ہمت مجھے
تا کسی مین راز دل کا کہہ سکون ۔ تا بغیر از یار کے مین رہ سکون

کون ہے جو اُسکو مجھسے لا ملائے ۔ اور اُسے میری حقیقت کہہ سنائے
پس لگین کہنے کو وہ سب حور زاد ۔ جمع رکھ خاطر کو اور کر دلکو شاد

ہم اُسے اس رات لاوین اس وضع — جیتنہ سمجھے راز اُسکو کس وضع
نار سے جام و صراحی کر طلب — بزم کو خلوت کے کینی پرطرب
ہو گیا جب مست و بیخود وہ غلام — یہ سُنکر دلہین ہوئی بس شاد کام
لا رکھا اُس نازپرور کے حضور — وہ بہت دلہین ہوئی اپنے سرور
جو کہ تھی یک پاس جاتی جب رین — اس غلام مست نے کھولے نین
ہر طرف جلتی ہے شمع عنبرین — ریختہ گاتی ہین آگے نازنین
نازنین ہین مثل حوران با طرب — لے کھڑے ہین جام شیشے با ادب
عشق کی مَے سے ہین سرشار تھے — نرگس شاداب گوہر بار تھے
دلہین حسرت شوق کا سینہ مین جوش — جیسے کے خاموش لب ہی بادہ نوش
لگ رہی ہے چپک سی رخ با ناز ہے — کان موسیقار کی آواز ہے
دیکھنے اُسکو جوان حیران ہوا — فکر و اندیشہ مین سرگردان ہوا
راز کا بھی کچھ سرشتہ نا سمجھا — دیکھکر صورت پڑا پل ہین اُلجھ
قند سے لب سے شکر لینے لگے — بوسہ بادام پہ دینے لگے
چاند سے چہرے اوپر قربان جائیے — کب پریشان ہو نہ یہ لفو نہ جائیے
بعدازان سے وپر پکر سب نازنیان — لیگیان تھیان اُسکو جا نسے لا دھریان
دل منے اکر بسی اُسکے وہ نار — بہہ چلے چشمو نسے آنسو بیشمار
پھاڑ کر کپڑے کیا سب تن کے چاک — ڈالکر سر پر اپس کے گرد خاک
شب کو پھیرے ہین تھا یک آفتاب — ناگہان جا اُسکو بیداری خواب
مین جو کچھ دیکھا اپسکی کر نظر — خواب مین بھی کون دیکھیگا بشر
پس کہے لوگان اسے اے مرد نیک — بول آخر بات کچھ یا تو نسے ایک
تب کہے دیکھا ہوئیگا خواب تون — جس سے ہے دیوانگی تجکو اچھون

بعدازان اٹھکر سو یک ناری چلی — اُس غلام خوش لقا سے جا ملی
بعدازان دارو پی بیہوشی ملا — اسکو دو سہ جام بھر دیتے پلا
جھنڈ بھر بان ناریان اُسکو اٹھا — لا کے اُسکے پلنگ کو آگے رکھا
لیگئے بیٹھی اُسکو اپنے تخت پر — اور نثار اُسپر کئے دُرّ و گہر
دیکھتا کیا ہے کہ زر کا ہے محل — تخت پر بیٹھی ہے زر کی یک چنچل
فرش عالی ہے مصفّا جا بجا — قصر و ایوان جون بہشت دلکشا
اور آئین شاہزادی کامگار — مست ہوکر دیکھتی ہے روے یار
ہو گئی ہے محفل گم بیہوش جان — نین سمجھتی یہ جہان نا وہ جہان
بوئے سی عنبر کے ہے تر معطر سر — لذت مے سے جگر ہے باخبر
چونکہ دیکھا کھولکر چپ وہ غلام — اُس پری پیکر نے دینا بھر کو جام
خواب و بیداری کیا نہین فہم کچھ — بیخودی مین باخودی کا وہم کچھ
بعدازان وہ نازنین خود اپر مست — بلر کے دیدار سے ہو جا کے مست
شوق کے کب جوش سی چومے نین — ہاتھ مین لے بوسہ دیوی کب ذقن
ناگہانی صبح کا آیا پیام — ہو گیا آخر کو مستی سے غلام
آشکار اجب ہوا غوغائے روز — یہ غلام انکھیان نہ کھولی لگ ہنوز
حال سے شب کے پڑا حیرت منے — خون دل کھانے لگا حسرت سینے
پوچھنے کو آئے لوگان حال جون — پس کہا مین کیا کہون بولون سو کیون
خواب گر بولون تو مین تھا جاگتا — جاگتا بولون تو سپنا ہے آنا
حال گذرا ہے جو مجھپر آج رات — کیا کہون کہنے مین نہین آتی ہے بات
پس لگا کہنے کہ نہین مجکو خبر — مین نہ ایسا کوئی دیکھا ہون بشر
یون وہ بولا ہے مجھے معلوم نین — خواب و بیداری ذرا مفہوم نین

مین نجانون مست یا ہشیار تھا ۔ خواب مین تھا یا کہ مین بیدار تھا
نا مجھے یہ بات جاتی ہے بسر ۔ نا نظر آتا ہے اسکا کچھ اثر
کیا کہون کیسی تھی وہ صاحب جمال ۔ نہین کہین دنیا مین کوئی انکا مثال
یہ سورج اُسکے آگے یک ذرہ ہے ۔ ذرہ کب سورج طرف لیجاوے ہے
نہین کہا جاتا ہے اُسکا کچھ نشان ۔ گرچہ مین دیکھا ہون انکھیون سے عیان
ہو رہا ہون جانکر انجان مین ۔ مست ہون اے حیرت نتی حیران مین

حکایت دخترے کہ مادرش بر تربت او میگریست

گور پر دختر کے کوئی روتی تھی مان ۔ راہ کوئی شخص جاتا تھا وہان
پس کہا مردونسے بہتر تو ہے نار ۔ جو ہوا پنہان نکو سر آشکار
جانتی ہے تو پری جو کس سے دور ۔ کسکی خاطر اسو فنع ہے ناصبور
خوش ہے اُسکا حال جو سمجھا سچ ۔ کسپہ تو روتی ہے زار و زار ہو
وائے ہمری پر نہین مجکو سمجھ ۔ زار گریان کس سے ہون مت اٹھ سمجھ
بہ نہین مجکو خبر روتی ہون کیون ۔ دکھ سے نکلے گا نہ حسرت مین ہو یون
دل گیا ہے گم اسی منزل ستین ۔ بلکہ منزل بھی نظر آتی نہین
نا تو اس گھر کا مجھے دروازہ پائے ۔ نا سر رشتہ عقل کا کچھ ہاتھ آئے
جائے جو کوئی وہان تلک سر گم کرے ۔ چار دیواری کرا اور گم کرے
تب یک آ دہا شخص وہان جب بار پائے ۔ ایک پل مین سب سے اسرار پائے

حکایت صوفی کہ بر راہ میرفت

کوئی صوفی راہ سے جاتا تھا ۔ راہ سے آواز اُسنے یون سُنا
کسنے کبھی گھر کی میری پائی ہے ۔ دیو نہین مجکو تو مشکل آتی ہے
جو پڑا ہو نہین اپسکے گھر سے بہار ۔ اُسکے غم سے ہے مرا دل خار خار
پس کہا صوفی کہ در بند ہے اگر ۔ جمع رکھ خاطر نہین کچھ گھر کو ڈر
نہین تو دروازہ پکڑ کر بیٹھ رہ ۔ قفل کی بھی کوئی کھولے گا گرہ
ہے ولیکن مجکو مشکل سخت تر ۔ نہین مجھے کیلی پڑتی ہے نہ در
آ پڑا ہون وادی حسرت منے ۔ ہر نفس گذرے مجھے حیرت منے
حیرت و حسرت گئے تک دن حبرو ان ۔ گم گیا ہون و کہان ڈھونڈھا پھرون
ایک ذرہ گر تو حیرت مین پڑے ۔ دمبدم ہر لحظہ حسرت مین پڑے

حکایت مریدے کہ پیر خود را در خواب دیدہ بود

پیر کو کوئی خواب مین دیکھا مرید ۔ پس لگا کرنے کو جا گفت و شنید
مین تو تیرے غم سی اے شمع جہان ۔ رات دن جلتا ہون مت غم مین عیان
حال تیرا کس طرح ہی ہانسو بول ۔ گوہر معنی بیان اپنا سو رول
پس کہا اُس پیر نے حیرت سنگات ۔ کاٹتا ہون مین یہان حسرت سے ہات
ہے کیا اشہار مجکو قید و بند ۔ تم سے حیران ہون زیادہ چار چند
اس جہان کی مجکو حیرت ہی جوا ایک ۔ ایک ڈونگر ہے نہین سمجھو بیک

وادی ہفتم فقر و فنا

بعد ازان ہے وادی فقر و فنا ۔ یہان سو گنگے اور بہرے ہو رہنا
کیا ہے یہ وادی فراموشی محض ۔ بیخودی مستی و بیہوشی محض

شمس روشن جگ مین ہووے جب نمود | چھاؤنکا سر گزر ہووے کہین جو د
جب سمندر کی ہووری جوش کہائے | نقش کچھ ہرگز سمندر پر نہ پائے

کیا ہے یہ دنیا سراسر نقش آب | ہوئیگا یہ نقش یک پل مین خراب
اس سمندر مین جو کوئی گم ہوکی جائے | اسکو آسایش سو کم ہونے نپائے

دلکو اس دریائے آسایش اندر | ہے نہین ہوئے بن کم چارہ دگر
آئے جو گم ہو پھر آسایش کے بہار | جان اُسکو صنع حق کا راز دار

پختہ سالک وہ جو ہے مردانہ مرد | سیر کرنے جب منگے میدان درد
ہو دین گم اول قدم دہرتے نئے | پس قدم دوسر یکو جا کریون گنے

جب قدم پہلے منے گم ہووے تب | پھر کے آوے وہ تو دنیا ہے عجیب
لیکہ آتا ہے کبھی گم گشت وو | ہوئی جدا کیون بند ملا دیا مین سع

جسکو اُس عالم سے ہی یک مو اثر | اُسکو اس عالم مین ہین یک خبر

حکایت پروانہا را گوید

جمع آئے ایکدن سارے پتنگ | شمع کے طالب ہوئے سب ایکرنگ
پس لگے کہنے یہان سے کوئی جاے | ہے کہان شمع خبر جلدی سے لائے

بعدازان جاکر پتنگ یک دور سے | دیکھ آیا نور کو کہین شمع کے
جس طرح حاصل کیا تھا معرفت | شمع کی کرنے لگا سب سے صفت

بعدازان دوسر پتنگ وہانسے چلا | جا پڑا سو شمع پر کچھ کچھ جلا
وہ سیانا اُسکو بھی بولا وہین | کچھ خبر تحقیق اسکو بھی نہین

تیسرا بھی اُٹھکے خوش دوڑا گیا | شمع پر جاکر انگارا ہور ہا
دیکھکر اُسکو سیانا دورسون | شمع کے ہمرنگ سن دیکھ تو ہون

پس کہا اُسکو خبر ہے شمع کی | جو اگن باہر اندر ہے شمع کی
کیا سمجھتا ہے وہ شمع بے خبر | ہے جسے اک ذرہ ہستی کی خبر

ہووے جب یون بیخبر اور بے اثر | اسکو محبوب سے نکلا با خبر
جسم و جانسے بیخبر جب لگ نہ ہوئے | وہ خبر جانان کی بولو کیونکہ پائے

ہے تجھے یک بال بھر اپنی خبر | جیو مین تیرے آئین ہر دم سو خطر
دم گذرتا ہے سو مین محروم تھا | دوسرے کو سوز کب معلوم تھا

حکایت یکے صوفی کہ برراہ میرفت

کوئی صوفی راہ سے جاتا انتھا | پیٹھ سے کوئی رند بھی آتا انتھا
ناگہان اُس رند نے صوفی کی تین | کھینچ تکی ماری گردن پر وہین

سوس کر اُس تکی کا صوفی نے دیکھ | رند سے بولا اپس کا موڑ مکھ
اے فلان جسکو تو مارا ہے تال | ہو گئے ہین اسکو مرکر تیس۳۰ سال

رند بولا ہے مجھے آتا عجب | مرگیا جو بات یون کرتا ہی کب
تجکو یہ دم ہے جلک بیدم نہین | بال بھر تو ہے تلک محرم نہین

بال بھر گر ہے اضافت درمیان | ہے تجھے سو سو سافر درمیان
خواہش اس منزل کی ہے تجکو اگر | دکھ نکو آپس کی ہستی بال بھر

باس تیرے ہے جو کچھ سب دے جلا | سر پہ پاگڑی ہے اور کفش پا
منت اندیشہ کر کفن کا کچھ کبھی | جا اگن مین پر ہستی ہو کر ابھی

خاک ہوکر جائے تیرا رخت جب | ذرہ خودبینی تری گم ہووے تب
جو کہ پردہ ہے تجھے تیرا وجود | وہان کہان اس مال و دولت کو نمود

ہے جو کچھ نزدیک تیرے دور کر ۔ خلوتِ دل کو اپسکے نور کر
ہوئیگی جب دلکو تیرے بیخودی ۔ جائیگی گم ہوکے سب نیکی بدی
جب گئی نیکی بدی عاشق ہے تو ۔ بس فنائے عشق کے لایق ہے تو

حکایت بادشاہے کہ پسرش خوبصورت بود

بادشاہ کوئی تھا بڑا سا نامور ۔ اُسکو بیٹا ایک تھا رشکِ قمر
پاک سیرت خوش لقا یوسف مثال ۔ مکھ پونم کا چاند اور ابرو ہلال
کوئی نہ تھا خوبی منے کو اُسکے جوڑ ۔ چاند کو تو لین تو اسمین بھی ہی کھوڑ
رخ نورانی غیرتِ ماہِ تمام ۔ جگ کے خوبان سب دیکھین اُسکی غلام
کر سکے کوئی کس وضع اُسکی صفت ۔ جس صفت کو وہان تھی کچھ معرفت
رات کو آتا اگر پردے سے بہار ۔ آفتابِ تازہ ہوتا آشکار
چھوڑ دیتا مکھ پہ جب زلفِ سیاہ ۔ چھپ کے جاتا رات کی پردمین ماہ
جس طرف کرتا نگاہ نرگس نمن ۔ اُسطرف نرگس کے کھلتے صد چمن
ہنسکے اُسکے مکھ سے پھول جب کرتا نثار ۔ باغ کھلتے کئی ہزاران صد بہار
کہین نہ دکھتا تھا دہن کا کچھ نشان ۔ جو عدم ہے سو نشان اُسکا کہان
فتنۂ جانِ جہان تھا وہ جوان ۔ الامان فتنے سے اُسکے الامان
جب نکلتا باہر کہین ہوکر سوار ۔ ساتھ چلتے ہر طرف شمشیر دار
کوئی گر اسکی طرف کرتا نگاہ ۔ مار ڈالے اُسکو جانسے بیگناہ
ناگہانی از قضا درویش ایک ۔ نا اپس کا کچھ برا سمجھا نہ نیک
یک بیک اُسکے اُپر شیدا ہوا ۔ سوز دل مین عشق کا پیدا ہوا
غوطہ دل لگے خون مین کھانے لگا ۔ سرد آہین دمبدم کھانے لگا
گرچہ دلمین چُھپ نہ رہ سکتا تھا وہ ۔ کس سے آتا کچھ نہ کہہ سکتا تھا وہ
جان و دلمین نے رہا جب عشق غم ۔ دیکھنے ہر دم لگا رنج و الم
رات کو کوچہ پہ اُسکے کرکے ٹھار ۔ دمبدم روتا تھا وہ نت زار زار
کوئی نہ تھا محرم اُسے جز درد و غم ۔ درد و غم نت کھینچتا تھا اور ستم
نا رہا باقی تو کچھ مرنے منے ۔ دن گذرتے تھے سو دم بھرنے منے
اُس گلی مین جب کبھو شہزادہ جائے ۔ نیمجان درویش وہ پھر جان پائے
از قضا شہزادہ نکلا ایک روز ۔ پڑ گیا بازار مین غوغائے سوز
ہر طرف لوگو مین بھاگو بھاگ ہوئے ۔ چوک کے کل پھیرو بارا بات ہوئے
ساتھ کے جو تھے نقیبان راہزن ۔ کئی غریبونکو دئے خونی کفن
غل پڑا ہر ٹھار مارا مار کا ۔ شور محشر کا اُٹھا ایک بار کا
سنکے وہ درویش بھی یہ غلغلا ۔ دور سے دیکھا نظر اپنی چلا
ہوگیا بیہوش شہزادے کو دیکھ ۔ خون مارا جوش شہزادیکو دیکھ
گھبرا ہو کھا پچھاڑی نعرہ مار ۔ اُڑ گیا دلسے وہین صبر و قرار
بڑھ چلے انکھیونسے ہوکر اشک خون ۔ ہوگیا بیہوش یک پل مین یون
رنگ اُڑ جاکر پڑا منھ چوپٹک ۔ رہ گیا جیو آکی ہونٹھونمین اٹک
کوئی رقیب اُس راہ سے آگاہ ہو ۔ شاہ سے چغلی لگایا جا کے وہ
جو نرے نورِ بصر پر یک گدا ۔ عاشق جانی ہے اور جیوسے فدا
شاہ غیرت سے ہوا بیہوش وہین ۔ دل منے غصے سے لایا جوش وہین
بس کہا لیجاو اُسے سولی تلے ۔ رحم اُسکے حال پر کوئی نہ لے
سنکے دوڑے یہ نقیبان اور وزیر ۔ لے چلے حالی گدا کو کر اسیر

لیکے آئے جب اُسے سولی کنار / حیف کھا رویا جگت سب زار زار
نا اُسے وان کوئی شفا خواہ تھا / نا کوئی اس درد سے آگاہ تھا

جب اُسے سولی پہ وہ دینے لگے / تب گدا نے دو ہاتھ لوگاں کے آگے
عجز و زاری سے لگا کہنے کہ یوں / بیگنہ تم مارتے ہو مجکو کیوں

دیو مجھے فرصت تو بارے اتقدر / جو کروں میں سجدہ حق کو یاد کر
بعد ازاں فرصت دیا اسکو وزیر / تا کرے سجدہ خدا کو وہ فقیر

پس گدا سجدے میں بولا اے الٰہ / مارتا ہے شاہ مجکو بے گناہ
جب تلک اس تن کو جیو کا وصال / شاہزادیکا مجھے دکھلا جمال

تا دیکھوں دیدار اُسکا ایک بار / شوق سوں اس جیو کو ڈالوں اُسپہ وار
آئیگا وہ جس گھڑی میری نظر / ہوئیگا جیو مجکو دینا سہل تر

یا الٰہی کر اجابت یہ دعا / یو نہچہ ہے آخر کو میرا مدعا
میں سو تیرا ہوں بندہ با صدق و سوز / گرچہ عاشق ہوں نہیں کافر ہنوز

جوں دو عالم کا ہے تو حاجت روا / یوں الٰہی کر تو مری حاجت روا
جا نشانے پر لگا درحال تیر / یہ دعا یوں عجز سے مانگا فقیر

ناگہاں اس راز کا آواز کہیں / کان میں آیا وزیر شہ کے وہیں
وہ مناجات و دعا درویش کی / دردمندی زاری درویش کی

عرض کی وہ شاہ سوں جب سربسر / شہ کا دل بہی تیز ہوا زیر و زبر
پس کہا اب شاہزادیکو لیجاؤ / جاکے اُس درویش سے جلدی ملاؤ

تا کرے دلداری اُس درویش کی / نوش لب سے فکر اُسکے نیش کی
جو لگا ہے اسکو تیر نیشتر / لطف کا رکھہ اُسکا مرہم بیشتر

پس نزاد دیکھیا انکھیں سے بہت قہر / دے اُسے شربت کہ منہ کا ہے زہر
دلبری سے لے اُسے ہو تو یہیں اٹھا / آئیگا تو اسکو اپنے ساتھ لا

بعد ازاں شہزادہ یہ سنکر خبر / صدق سے لایا بجا حکم پدر
دلبری سوں جا کے اُس درویش پاس / دیکھتا کیا تو پڑا ہے وہ نراس

لوٹتا ہے خاک پر سولی تلہار / عالم اک روتا ہے اُسپر زار زار
اشک خوں سے اُسکے ہوئی خاک تر / نا اُسے کچھ تن کی سدھ ہے نا خبر

دیکھ شہزادے نے اُسکا حال جوں / بھر آئے آنکھوں میں اپنے نیر کوں
پس چھپانے کو لگا ہر چند انسو / نین سے بہنے سے نہ بند ہرگز انجھوں

جوش کھا دو لگے لہو سے بہہ چلے / قطرہ قطرہ لعل و گوہر ہو ڈھلے
عشق میں جو شخص یوں صادق ہووے / کیوں نہ معشوق اُس اُپر عاشق ہووے

عاقبت وہ شاہزادہ لطف سے / پاس جا بیٹھا وہ پھر درویش کے
جب کیا درویش نے بالا نظر / شاہزادے کو دیکھا وہ نین بھر

پس کہا اے شاہزادے نامدار / مار سکتا ہے اگر تو جیسکو مار
فوج و لشکر کیا تجھے درکار تھا / مجکو بس اتنا ترا دیدار تھا

بول کر یہ بات اک نعرہ کیا / جان شیریں یار شیریں کو دیا
یک نظر سے دیکھہ دلبر کا جمال / ہو گیا یک پل میں پانی کی مثال

بوند تھا سو جا ملا سمندر سے / ہو گیا نابود ذرہ شور سے
پائیگا تو کان سے ایسا لک خبر / جب تلک دل میں ہوا ہے پر خطر

جیو تیرا لذت سے تن آلودہ ہے / خواب و غفلت منے آسودہ ہے
چھوڑ دے غفلت کو ہشیار بیش ہو / خویش سے بے خویش ہو کر بیش ہو

ہوئیگی جسوقت بے خویشی تجھے / پائیگی اُسوقت درویشی تجھے
دل منے ہمت پکڑ مردانہ ہو / دے جلا کر عقل کو دیوانہ ہو

نہین تو ہمارے آشنا شا دیکھہ جا | کس طرح ہوتے ہین مردانہ فنا

حکایت شنیدن مرغان تمام بیان وادیہا

جب سنین پنکھیون نے یہ باتین تمام | ہفت وادی کا بیان منزل مقام
ہوش سب کا یک بیک جاتا رہا | جو اٹھا دکھ سکھ سے جا وبگا سہا

ہوگئے سب یک طرف سی بیقرار | مرگئے کتنے اسی منزل مین ٹھار
بیٹھہ رہے بعضے و بعضے اٹھہ چلے | کئی سو مارک مین بھی ہیبت سی گلے

کوئی ہمت سے لیا در پیش راہ | رنج و راحت پر کیا نہین وہ نگاہ
الغرض یون کئی برس لگ پے بہ پے | صرف کر کر عمر کیتنی راہ طے

رنج و سختی راہ مین دیکھے جو وہ | جانتا ہے کیا نہین دیکھا سو وہ
رہگیا کوئی راہ مین ڈوہ نگر پکڑ | کوئی سو پارے ٹھنڈ مین مٹھا اکڑ

کوئی گرمی کی نہ لاکر دلمین تاب | دھوپ مین جل بل کی ہوکر جیوں کباب
کوئی رستہ چھوڑ کر ہو گھا برا | باز و بحری کے پڑا پھر جنگل مین جا

کوئی پانی بن جنگل مین خشک لب | مرگیا رکھہ دلمین پانی کی طلب
کوئی بھوک سے مرگیا کھانے بنا | کوئی دکھی ہوکر ہوا جیو سے فنا

کوئی رستہ مین تماشا دیکھہ کچھ | رہگیا سنگا تیونکے سنگ بچ
عاقبت لاکھونسے کوئی یک جانور | شاہ کی درگاہ تک پہونچا مگر

تیس پنکھی دل شکستہ ناتوان | بے پر و بے بال سست و نیمجان
آئے جو سیمرغ کی درگاہ لگ | ہوش و طاقت سے جدا ہوکر الگ

دیکھکر سیمرغ کی درگہ بلند | ہوگئے حیرت سے ہر اک پائے بند
برق استغنا کی کڑکے یون وہان | جو پڑے تو جائے جلکر یہ جہان

کئی ہزاران خلق صاحب اعتبار | ہین کھڑے دیوار کا رکھہ انتظار
کئی ہزاران چاند تارے آفتاب | منتظر ہین و ہان نہین کسکا حساب

کل یہ سب ذرہ نمن حیران ہین | سب ہوا مین اُسکی سرگردان ہین
یہ پنکھیو دیکھکر وہانکا وصول | سب بکندر ہوگئے دلمین ملول

پس لگے کہنے کہ ایسے لوگ یہان | ہین پریشان تو ہمین جا گہہ کہان
ہے جہان ذرہ برابر آفتاب | کونسا ہمسے غریبونکا حساب

اوہین سمجھے انہے سو سب غلط | سب ہماری محنتین مو مو غلط
اے دریغا وہ ہمارے رنج راہ | ہوگیا ناچیز سارا اور تباہ

ہوگئے جب پنکھیو سب نراس | ٹوٹکر اُنپر پڑا گویا اکاس
سب یکایک دلمین بیدل ہورہے | جونکہ مرغ نیم بسمل ہو رہے

ناگہان سیمرغ کی درگاہ سے | یک بیک آیا جلال و جاہ سے
دیکھکر ان تیس پنکھیونکو نراس | بال و پر سے لچھ و پچھ ہوٹی کی سانس

پاؤنسے سر لگ سبھی حیرت منے | جان و دل سے رنج اور حسرت منے
بعد ازان پوچھا کہ اے قوم غریب | کیون ہوئی تمکو یہ حیرانی نصیب

کا نسے آئے ہو تمہین ہو سو کون | دُکھہ منے گلتے ہو جون پانی مین لون
کان تمہارا ملک اور کان گانو ہے | کیا تمہارا نام اور کان ٹھانو ہے

کیا سبب آئے ہین اس درگاہ مین | کیونکہ بچکے آئے ہین وے راہ مین
پس دیا اُس تیس پنکھیون نے جواب | دیکھنے آئے ہین یہ عالی جناب

ہے ہمارا بادشاہ سیمرغ جو ن | دیکھنے اسکو ہمین نا آئے کیون
ہین ہمین بندے سبھی درگاہ کے | خاکروب ہین ہم سبھی اس راہ کے

گئی مدت سے راہ چلکر سدا گنوائے | صد ہزاروں نے یہین یہان تئیں آئے
شاہ کے ملنے کی ہے دلمین امید | بیچاک ہوئی ہین انتظاری مین سفید

آئے ہین یہان لگ ولیکن ہم اگر | کسب ہالے پر کرینگا شہ نظر
پس کہا وہ پیک ہے بیحاصلان | شہ کی استغنا کے بالکل غافلان

یہان تو مشکل ہے بڑی لگوگی یار | پس تمن سے وہان غیرونکا کیا شمار
تم ہوئے یا نہین ہوئے تو کیا یہان | کان تمن کو کون گنتا ہے یہان

صد ہزاران عالم اس گاہ مین | ایک چیونٹی کی تمن ہے راہ مین
کان تمہارے ہاتھ وہ شہ آئیگا | کان تمہارے باج کم ہوجائیگا

یہ سخن سن پنکھیان امیدوار | ہوگئے سب دلمین اپنے بیقرار
پس لگے کہنے کو گر ہمنا کو شاہ | اس وضع دکھلائیگا خواری کی راہ

وہ نہین خواری مگر ہمکو شرف | مو شرف اسکے ہین ہمکو ہر طرف
کیا کہی ہے خوب یہ مجنوں نے بات | گر کہین مجھ آفرین سب کائنات

آفرین کسکی مجھے درکار نہین | شادمان لیلی کی گالی سے ہوتے ہین
اسکی گالی آفرین سے خلق کے | مجھکو شیرین تر ہو میوے سے لگے

یونہی ہم سب پنکھیونکی ہے تمیز | اسکی خواری سب سے ہے ہمکو عزیز
آگ سے ڈرتا ہو کب دلمین پتنگ | جب سے ہے اسکی محبت شمع سنگ

گرچہ استغنا ہے شہ کا بیشمار | ہین ہمین تو لطف کے امیدوار
جب کہا پنچھیوں نے یہ باصدق و نیاز | ہوگیا انپر شب تاریک روز

فضل ربانی ہوا فریاد رس | جو نرس تھا سو ہوا سب سر بسر
صدر قربت کے اوپر سکو بلائے | تخت عزت پر مکان سارون نے پائے

بعد ازان رقعہ دیا اسکے ہاتھ | پس کہے اسکو پڑھو تم غور ساتھ
چونکہ ان پنکھیوں نے وہ رقعہ اٹھائے | شرم سے ہرگز نہ اپنا سر اٹھائے

یہان جو کچھ فعل ان کئے تھے تمام | ایک بیک رقعہ سنے تھا السلام
سخت سب افعال سے تھا فعل یو | جو چلے ہے نفس کی خواہش لئے او

یوسف اپنے کو کوئین مین ڈالکر
بیچکر کھائے خدا سے کچھ نہ ڈر

حکایت حضرت یوسف علیہ السلام

حضرت یوسف پیمبر حق پسند | جسپہ ہوتا تھا سنارونکا سپند
بیچ ڈالا اسکو دس بھائیوں نے جب | لکھہ لیا مالک نے اک خط آنسبب

از قضا یوسف ہوئے جب بادشاہ | انکے مالک سے رکھے رقعہ نگاہ
جب وہ بھائی مصر مین کنعان سے آئے | قحط سے روٹی بدل پانی گنوائے

نین پچھانے شاہ کو جو کون ہے | منہ پہ اسکے کس وضع کا لون ہے
پس کہا یوسف نے اے یاران مگر | خط عبری جانتے ہو یا پڑھ کر

ہے ہمارے پاس عبری ایک خط | گر تمہین بانچینگے تو ہے نیک خط
پڑھ سناؤگے اگر وہ خط ہمن | جو منگوگے سو دیونگا یہ سخن

بسکہ عبری خوان تھے سب یار او | پس کہے وہ خط کہان ہے لاؤ تو
خط پڑھنے کو جو یوسف سے لئے | شرم سے سب یار سر نیچے کئے

خاک ہوگئے آگ حسرت سے تمام | آب ہوگئے خوئی مین گلکر تمام
خوف سے نین پڑھ سکے از بس آئے | دل منے پنہزاران حیف کھائے

ہوگئی منہ مین زبان بھرنی سے بند | تن کے سارے سست ہوگئے بند بند
پس کہے یوسف کہ کیوں ہین سو تم | ہوگئے ہو کس سبب اس بہانت گم

بعد ازان بولے کہ ای شاہ جہان — خوب ہے اس سے کہ گردن مارنا / کیا سمجھتا ہے تو اے مرد دغل — جو نہ آویگا صباح تجھپر خلل

بیچتا ہے یوسف اپنے کو جو یون — ہوئیگا آخر کو تیرا حال کیون / ہوویگا جسدن وہ یوسف بادشاہ — کیا کریگا عذر تو اے روسیاہ

ایکدن تو بھی گداؤن کی نمن — جائیگا بھو کھانگا یوسف کے دھن / ہوئیگا آخر پشیمانی سے جفت — بس نہ تو یوسف کو اپنے بیچ مفت

حکایت خجل شدن ہمہ مرغان

ہوگئے پنچھی خجل خط دیکھکر — اشک حسرت سے لئے نینونکو بھر / آگ سے غم کی ہوئے جل بل کے خاک — دلمین دکھ سینے مین آہ دردناک

ہوگئے اس دھات نا امید جب — بحر کو بخشش کی آیا جوش تب / بہہ گئے سارے گنہ یک موج سے — سرفرازی کا لگا سر اوج سے

آفتاب قرب نے کیتا ظہور — محویت مین ہوگئے سب غرق نور / عکس سے سیمرغ کے سب ایکبار — چہرۂ سیمرغ دیکھے آشکار

جب اپس پرتھی کئے پنکھی نظر — صورت سیمرغ دیکھے یک دگر / ہوگئے حیران پنکھی دلمین یو — کیا اپن سیمرغ ہین کیا ہینگے وو

یکدگر آپس مین حیران ہو رہے — یہ سے سیمرغ بولے وہ اُسے / نین رہی ہرگز کسے کسکی پہچان — جو ہون وہ مین یا نہین آخر نہ مان

جب ہوئے سیمرغ سارے ایکرنگ — ہو رہا ہر ایک پنکھی حیران و دنگ / نین ہوا معلوم کسکو کسکا حال — پس کئے درگاہ عزت سے سوال

اے جناب پاک یہ کیا ہے سبب — جو ہمین ہوگئے ہین یہ سیمرغ سب / ایک ایکس کو نہین سکتے پہچان — بلکہ آپس کو نہین سکتے پہچان

بعد ازان درگاہ سے آیا خطاب — جو مثال آرسی ہے یہ جناب / ہوئیگی جسکو طلب جس چیز کی — شکل اسکی ہوئیگی اس چیز کی

اور اگر دیکھے اس آئینہ اندر — آئیگی اسکو وہی صورت نظر / تیس پنکھی تم جو یہانتک آئے ہو — تم اپس کو آپ ظاہر پائے ہو

گر تمھین چالیس ہوتے یا پچاس — یونہی کر لیتے اپس مین آپ شناس / اگرچہ گم پایا تیس تم سب آئے ہو — تم اپس کو آپ ظاہر پائے ہو

نین تو مجکو دیکھنے کا کسکو تاب — دیکھ سکتا کب ہے شپر آفتاب / او پنکھی اتنے جو آتے تھے ادھر — پس گئے ہین وے سبھی رستے سے پھر

ہر یکس کو صورت مقصود ہو — ہر یکس کو معنی معبود ہو / جو تمھین تیسون پنکھی سیمرغ کا کاج — آئے ہین یہانتک تمھین محنت سے باج

پس تمھین سیمرغ ہونا کیا عجب — محو ہو تم آپ اپسکے سب مین سب / اصل مین سیمرغ سمجھو مجکو تم — سایہ تھا سو ہو گیا سورج مین گم

حکایت حقیقت بقا بعد فنا

جو فنا مین گم رہے پنکھی خموش — پس کہین مدت کی پھر پائی ہوش / بیخودی مین جا کے با خود آئے پھر — سر فنا مین دے بقا کو پائے پھر

اس فنا اور اس بقا کا کچھ بیان — جو پوچھے تو نین دیا تھا کچھ نشان / جو کہ اسرار بقا بعد از فنا — نین سمجھتا ہے ہر ایک نا آشنا

مغز کو اسبات کے او پا سکے — جو دنیا سے ہاتھ دھو کر آسکے / ہے جلگ تو در وجود و در عدم — کب سکیگا رکھ تو اس رہ مین قدم

اس فنا اور اس بقا سے درگذر ۔ تا تجھے ہووے بقا کی کچھ خبر
دیکھ اول کیا تھا تو اور کیا ہے اب ۔ اب نہیں سمجھا تو سمجھیگا تو کب
اصل میں تھا تو سو نطفہ خوار و زار ۔ بعد ازاں عاقل ہوا اور ہوشیار
پس تجھے اسرار سے واقف کئے ۔ معرفت کی اسپہ آگاہی دئے
بعد ازاں دنیا سے کر ڈالے فنا ۔ اس فنا میں از نہاں ہو گھنا
اس فنا کے بعد گر بخشے بقا ۔ ہر صبح اُٹھ دیکھتا نیر الفت
گر نہیں کس بات سے تو راز دار ۔ فکر کر ہشیار ہو اور کچھ بچار
جب تلک یہاں نہیں ہوا بدل فنا ۔ پائیگا تو کس وضع عز و بقا
جب تلک دیکھا نہیں تو درد و رنج ۔ کان ملیگا تجھکو کیونکر سن یہ گنج
نیست ہوجا تا تجھے ہستی ملے ۔ جب تلک تو ہے تو ہستی کیوں ملے
نہیں ہوئی لگ محو خواری و فنا ۔ کانسے دیکھے گا تو منہ عز و بقا

حکایت عاشق شدن پسر وزیر بادشاہ

بادشاہ کوئی تھا جہاں میں بے نظیر ۔ ہفت کشور تھا جسے فرمان پذیر
جانتی تھی خلق اسکندر جسے ۔ آفاق سے تا قاف تھا لشکر اُسے
جاہ کا اسکے انتہا رخ ماہ پر ۔ ماہ کا رخ شاہ کے تھا جاہ پر
از قضا اس شاہ کا تھا ایک وزیر ۔ اُسکو بیٹا ایک جوان بدر منیر
آفتاب آسمانِ دلبری ۔ جگ کے محبوبوں پہ اسکو سروری
دن کو گر وہ ماہ نکلے گھر سے بھار ۔ جگ منے ہووے قیامت آشکار
منہ نورانی غیرت خورشید و ماہ ۔ اُسپہ کالی ابر کی چھتری سیاہ
نوش لب وہ چشمۂ آب حیات ۔ تسپہ خطِ سبز پر بالی صفات
نین اُسے دکھلاوے یوں افسونگری ۔ جسکے آگے خجل ہووے سامری
سیمتن سیمیں بدن سیمیں ذقن ۔ دام زلفاں عاشقوں کی صف شکن
فتنۂ جانِ جہاں خالِ سیاہ ۔ سو قیامت کے برابر یک نگاہ
شرح اُسکے حسن کا تانک کروں ۔ عمر اگر اس فکر میں ساری بھروں
الغرض شہ اُسکو اک دن دیکھکر ۔ ہوگیا بیہوش و بیخود بے خبر
نقد جان اُسکی محبت میں دیا ۔ آرزو سے عشق کا سودا کیا
رہ نہ سکا محبوب کے بن ایک تل ۔ گم ہوا سدھ بدھ گنوایا دین و دل
خلوت و جلوت منے اُسکے بغیر ۔ صبح کا غم سے کیا راحت سے سیر
رات دن اُسکو رکھے اپنے حضور ۔ تا کرے یک پل جدا نظروں سے دور
دن کو سووے تو اڑاوے نگس نور ۔ رات کو قربان ہووے جیوں چکور
صبح سے تا شام دیکھے بادشاہ ۔ دلکو الفت میں کیا اُسکی تباہ
حسن کی اُسکے کبھی دیکھے بہار ۔ کیا کرے رو رو گہر اسپر نثار
کب کئے کے دیکھ اسکے مست نین ۔ کب گنوائے دل سے اپنے خواب چین
ایکدم نہیں رہ سکے شہ اُسکے باج ۔ تا ہوا وہ بھی بچارہ لا علاج
شاہ کے ڈر سے کہیں نہیں جا سکے ۔ تا کبھی ماں باپ کے پاس آ سکے
باپ ماں فرزند کو ترسیں مدام ۔ کیا کریں وہ تھا ولیکن سخت کام
یونہی گذرا جو کتنے دن روزگار ۔ تا کہ اُس نوخیز کا آیا بہار
از قضا سی چار سو شہ کے نگر ۔ کوئی انگی خورشید سی ناری سُندر
لیکن سو دیکھا اسکو فرزند وزیر ۔ ہوگیا یکبارگی اُسکا اسیر
وہ سندر بھی اُسپہ ہوگئی مبتلا ۔ ایکدن ناگاہ اس اندر بلا

اتفاقاً ایک شب شہ مے پرست
جا کے نکلا شاہ زادے سے منے

شاہ کے دلمین پڑی غیرت سے آگ
پس لگا کہنے کو شہ ہین دل منے

مال و دولت جان و جیو اپنا نثار
اب مجھے واجب ہوا ہے بالضرور

تا کہ جاوین تن بدن سب پھاٹ پھاٹ
یونہی اینگے اُسکو جلدی کھینچکر

مارنیوالونکے تئین منت کیا
جائیگی جب کیف کی مستی اُتر

پس دئے وے مارنے ہاری جواب
پس بندیخانہ منے جا کر وزیر

شاہ دوسرے دن ہوا ہُشیار جب
بادشہ سنکر خوشی دل مین کیا

جب سُنی یہ شہر کے لوگان خبر
چند روز اس شہر مین ماتم ہوا

یاد کر باتون کو اُس دلدار کی
جوش مار اعشق غصہ کم ہوا

وہ محبت اور وہ بزمِ شراب
دلسے سب جانا رہا صبر و قرار

ترک آن پانی کیا یک بار کا
سو رہا تھا اُس بن ہو جا کے مست

اُٹھے بیٹھے جب ٹھار پر دونون جنے
پیچ کھایا تلخ ہو کر جونکہ ناگ

کیا کہون اپنا کیا مین کس کنے
ہاتھمین اُسکے دیا سب اختیار

جو کرون دنیا سے سکا نام ودر
بیسر ہوئی دھرتی سو جونکو چاٹ چاٹ

تا جدا کر کھال دیوین دار پر
ہر یکیس کو یک رتن بھاری دیا

بعد ازان پچتائیگا دلکے بھتر
یہ جو کچھ اب بولتا ہے نین صواب

ایک واجب قتل کے لایا اسیر
مارنے ہارونکو پوچھا حال تب

ہر یکیس کو نقد و زر خلعت دیا
دیکھنے آنے لگے وے سر بسر

دردسے اُسکے گھر و گھر غم ہوا
دلبرِ شیرین شکر گفتار کی

عیش جا کر درد و غم ہمدم ہوا
جائے سب تو کیون نہ ہووے شہ کباب

گلشنِ زیبا لگا سُنے کو خار
لے رہا سینے منے غم یار کا

جاگ اُٹھا وہ یار کو نا دیکھکر
دیکھتا کیا ہے کہ دونون لیرات

مست اور ناشتہ تھا اُسپر بادشاہ
ہٹ تو اس تو تیز کو کس ناز سے

وہ سو مجکو چھوڑ جورو ونکو سا تھنہ
بات ایسی بولکر وہ شہریار

پس کہا شہ نے کہ کوٹی مین لیجاؤ
یہ خبر سُنکر وزیر آیا وہین

پس کہا نہین بس جوانکا کچھ گناہ
پس جو اُسکو آج ماریگا کوئی

گر ابھی نین مارتے ہین ہم اُسے
کھال اُسکی کاڑھکر سولی دیا

سب نے بولا حکم جون تھا یون کئے
پس کہا شہ نے کہ رہنے دو اُسے

غرق خونمین دیکھکر اس گوشت کو مین
شاہ بھی آخر کو بعد از چند روز

دمبدم غصہ و غم کھانے لگا
بادشہ یہ عشق اور یہ یار وو

پس ہوا دلمین پشیمان بادشاہ
عاقبت کپڑے رنگا کر نیل سون

آخرش یک رات کو وہ شہریار
ڈھونڈھتا نا خوش ہو نکلا ہر کدھر

شاد بیٹھے ہین خوشی سے کامران
کیون کرے لبریز اُسکے کوئی نگاہ

پالکر کیتا ہون واقف راز سے
جیو لگایا ہے سو یہ کیسی ہے بات

بندکے مارو کہا خوب استوار
کھال اُسکی دور سولی پر چڑھاؤ

خاک پا تے پیٹتے رویا وہین
اسپہ ہیگا مست کیفی بادشاہ

جیو بچانا کسو صنع سے اُسکا ہوئی
بادشاہ جیو سے نہ چھوڑیگا کسے

بعد ازان بیٹے کی تئین پنہان کیا
پوست اُسکا کھینچکر سولی دئے

تا جہا نمین ہووے عبرت ہر کسے
حیف کھا رونے لگا افسوس سون

دل منے پکڑا پشیمان ہو کے سوز
دلسے آہِ آتشین لانے لگا

وہ محبت اور خوشی دلدار وو
خار ہو سلنے لگا سینے مین آہ

جا کے بیٹھا ماتمی ہو سرنگون
آپ آیا چلکے سولی کے کنار

دیکھ اُس ٹڈ بیخبر کو حیف کھائے
دُکھ سے رو رو سر پہ لینا خاک پائے

دلپہ اُسکے درد و غم بھاری ہوا
زخم شمشیر الم کاری ہوا

لوٹنے بھوئین پر لگا مچھلی نمن
خون سے ہو گئے ولے روز و نین

رات ساری ایکلا اور روز گون
شمع کے مانند جلتا سوز سون

پڑ کے رہتا ہر کہین پیاسا بھوکھا
بند کر رکھتا زبانکو جیون مونگا

اس طرح چالیس دن جب گئے گذر
سوکھ جا کانٹا ہوا شہ نامور

چاند سا چہرہ شفق مین غرق خون
غم سے لاے کے شل تھا سرنگون

تب کہا اُسنے کہ سن اے بادشاہ
جب سے تو مارا ہے مجکو بیگناہ

کیا کیا تھا مین نے جو تو یون کیا
کھال میری کر جدا سولی دیا

مین نہ چھوڑونگا قیامت مین تجھے
داد نا دیوے خدا جب تک مجھے

جب سنا دلبر سے شہ نے یہ جواب
تاب دلسے گئی نکل انکھیون سے خواب

ہو گیا دیوانہ سدھ کو کھوئے کر
زندگی سے ہاتھ اپنے دھوئے کر

ظلم سے میرے تجھے کھا ہے تو بھی دکھ
کیا دکھاؤنگا صباح مین حق کو مکھ

کون ایسا کوئی کرے جو مین کیا
پا پہ اپنے مار کر تیشہ لیا

کر تو اے دلبر مرے پر اب نظر
جو کیا ہو مین سو تو ہرگز نہ کر

مین تو یون غمناک ہون دن رات پاک
خاک پا تیری کو مجھ سر مین ہے خاک

کر گیا مین بیوفائی سے جفا
تو تو مجھسے بیوفا سے کر وفا

مست ہو کر مین کیا ہون یہ خطا
تو گذر جا اس خطا سے کر عطا

ہو رہا ہون مین تو غم سے جان بلب
تا یہ جیو دون خونبہا مین بول کب

موت کا کچھ ڈر نہین مجکو ابتا
ہے مجھے تیری جفا کا ڈر جیتا

کاش کے کوئی کاٹتا میرا گلا
تا بچنتا اس غم سے مین رہنا بھلا

بات یک یک اُس جو انکی یاد کر
درد سے رونے لگا فریاد کر

کاٹ کر لینے لگا دانتون سے ہاتھ
صد ہزاران آہ اور افسوس ساتھ

دیکھتا انجوا انکو اُسکے کوئی اگر
یاد ساون کی جھڑی کرتا مگر

جب فلک سر صبح کی چلتی پون
شاہ جاتا اُٹھ وہانسے گھر لگن

کسکو یہ قدرت نہ تھی جو شاہ سات
کچھ کہے اور پوچھنے کا لے منہ سے بات

از قضا اس سوز سے گرداب مین
اپنے دلبر کو دیکھا شہ خواب مین

بعد ازان شہ نے کہا اے دلربا
کیون ہوا تو غرق خون مین سو صفا

خون مین تیری آشنائی سے ہو مین
یون سو تیری بیوفائی سے ہو مین

یار سے یون یار کرتے مین کہین
جو کیا تو نے کرے کافر نہین

ہو ویگا دیوان محشر کا جبھی
مین اپس کا داد دشمن لونگا تبھی

جیو مین اُسکے سوز و غم زیادہ ہوا
درد دکھ حد سے زیادہ تب ہوا

پس کہا مجھ وا دکھیارے دکھی
ہو گیا ہے تو سو مرجا کر سکھی

نین کیا مین نے ظلم تیرے اوپر
ہے ستم میرا ظلم سب میرے اوپر

یہ نہ اپنے پر کیا ہون خوب مین
مار کر ڈالا ہون جو محبوب مین

گر کیا ہو مین جو تیرے سے بدی
تو بدی مجھسے نہ کر ہرگز کدھی

اب تجھے مین کس طرح ڈھونڈون کہان
رحم کر میرے اوپر تو جان جان

مین کیا گر خون تیرا ظلم سے
خون نکو کر دلکو میرے ہجر سے

تو گیا ہے چھوڑ کر مجکو جہان
مین یہان تجھ بلاج رہتا ہون کہان

نین ہا جاتا ہے مجھسے ایکدم
ایکدم اب ہے مرے پر صد ستم

عمر گر سب عذر خواہی مین بھرون
اس گنہ کا عذر آخر کیون کرون

نین ہا کچھ مجکو اب تاب فراق
جیو ہوا ہے تاب درد اشتیاق

جیو مرا اِ فضل سی ای داد گر / کچھ نہین مجھکو رہی طاقت مگر
یونہی بق بق کر ہوا خاموش جب / خاموشی مین ہوگیا بیہوش تب
شاہ کو وہ دیکھکر بیہوش و تاب / زود لایا شاہ کن بٹیا شتاب
لیگیا در حال اُسی اپنی مند پر / گئی خوشی سی بھر کے دونونکی سر
نین کسو وہانکی خبر ای راز جو / کیا کہی اور کیا سُنے آپس مین وو
کسکو طاقت جو کری کوئی بانگی بات / جو کری وہ سرگوشی جان و بات
وہانسو خاموشی بغیر از بات نین / بات کہنی کی رضا کس و ہات نین

کیا کرون مین کہ سو اب کتاب بھرون / جوش سی مین دل بہر رہا کیا کرون
پس ہوا اوسی مین فضلِ کردگار / تھا کہین پنہان وزیر نامدار
بعد ازان بھیجا اسی نزدیک شاہ / شہ نی انکھیان کھولکر دیکھا وہ ماہ
ایک اکیس سی ہوئی ہمراز وہین / ہوگئی آپس منی دمساز وہین
کوئی وہانکا واقف اسرار نین / راز دان اسٹھار کا اغیار نین
وہانسو عارف آپسے گنگا ہو آئی / بات ہو بہر اُسنی اندھا ہو جائی
ہوگئی باچا پکھی اب بیان تمام / کیا کہون مین اسی آگی والسلام

خاتمۃ الکتاب

اصل مین تھا یہ کلامِ فارسی / اہل معنی کو مثالِ آرسی
شیخ صاحبدل فریدِ نامور / خاص جنکا ہی لقب عطار کر
ہر سخن یک نافۂ اسرار ہی / مغز جانکو طبلۂ عطار ہی
فکر سی جو کے کری آمین نظر / مقصدِ دینی سی ہووی بہرہ ور

شکر کر وجدی کہ بر وجہ صواب / ختم ہوئی توفیق حق سی یہ کتاب
خوش تر تصنیف شیخ نامدار / پیشوائی عارفان روزگار
وہ نکالے ہین جو یہ عطر سخن / عطر پروردہ کئے ہین تو لگن
عارفون کے پاس وہ استاد ہی / طالبون کے حق منی ارشاد ہی

ضمیمۂ کتاب

حکایت شاہزادی کی جو بعد ترک مجاز کی حقیقت کو پایا

تھا کہین اک بادشاہِ کامگار / باطن و ظاہر ہنر مین استوار
خواب مین وہ شاہ دیکھا ناگہان / مرگیا فرزند اوس کا رائگان
دلمین یہ سوچا کہ شادی کا سبب / تھا وہی غم جو دکھایا مجکو رب
پس کہا شہ جبکہ وہ گذرا الم / چاہئی شادی کرین لڑکی کی ہم
جب کیا زاہد نے اسکی دوستی / عورتین اُس شہ کی پاہین آگہی
شرط کیفیت نہین لایا بجا / جا گدا کی گھر مین تو خوشی کیا
شہ کہا مت بول تو اُسکو گدا / جو کہ ہی صالح وہی ہی بادشاہ
بندۂ شہوت ہو جو شاہ و امیر / ہی حقیقت مین وہی بدتر فقیر

اُسکو یک فرزند تھا روشن جبین / حسن اُسکا رشک حسن حورِ عین
جب ہوا بیدار پایا یک نوید / دی ثمر گویا اوسے شاخِ امید
خواب مین خندہ اگر تم دیکھیو / اُسکو ماتم ہے کہا تعبیر کو
زاہد اک صالح جوانِ پاک تھا / اُسکی لڑکی نامزد اُسکو کیا
مادرِ شہزادہ سُنکر یہ خبر / شاہ سی بولی کہ ای والا گہر
وہ گدا ہم بادشاہِ نامور / تو بخیلی سے کیا ایسا مگر
جو کہ امرا مین اسیر حرص و آز / ہین وہ فقرا بسیرِ برگ و ساز
لیک بہ عکس اُسکو سلطان بولتے / جسطرح کافور زنگی کو کہے

بادشاہ کہنا نہین اسکو حلال
حسن مین تھی یک قیامت وہ پری
حسن اسکا پاک نیک اخلاق تھی
وہ نہین زن بلکہ تھی یک بھوتنی
بھوتنی قحبہ کی محبت کے سبب
شاہ پر عالم شب دیجور تھا
شاہ بیچارہ ہوا اس نادانی کہات
ایک جادوگر بڑا استاد کار
جب ہوا اس رنج بیماری سی چاق
جا ملا اپنی عروس خاص سے
شاہ بعد اک سال کی پوچھا کہ ہان
اب مجھی بخشا خدا دار السرور
جب ہوا مین طریقت آشنا
بھوتنی دنیا ہی جادوگر چھنال
اپنی جادو مین بہت ہشیار ہی
ڈھونڈھ لی کوئی راہبر عقدہ کشا
پس وصال دین ہی دنیا کا فراق
تو نہین دنیا سی ہو سکتا صبور
یہ جہان دیکھیگا تو گُہ سے بتر
جب تو اس رخسار کا دیکھی جھلک
عین دریا مین تو بیٹھا خشک لب

جو رہا پابند حسب و جاہ و مال
حور بھی اسکی کرے تھی چاکری
پھر شرافت مین بھی اپنی طاق تھی
شاہزادی کی کرے جو رہزنی
شاہزادہ ہو رہا تھا جان بلب
لیک شہزادہ نپٹ مسرور تھا
روز و شب دیتا تھا قربان و زکوٰۃ
شاہزادیکا کہین سن اشتہار
قحبہ بڑھیا کو دے بیٹھا طلاق
دل لگایا اُس مہ ممتاز سے
وہ تیری معشوقہ ویرانہ کہان
ہو گیا ہون اُس بلاے بد سی دور
نور پایا ترک ظلمت کو کیا
مرد کو جادو سی کرتی پائمال
عقل وسکی مکر سے لاچار ہے
راز دان یَفعَلُ اللّٰہُ مَایَشَاء
جان ہی بیمار جبلگ تن ہی چاق
حیف ہی گر ہو خدا سی اپنے دور
جب تو دیکھا قرب حق کا کر و فر
پھر تجھے سجدہ کرین جن و ملک
دھوپ سے کرتا ہی ماہی کو طلب

پس کیا شادی بڑی ترتیب سے
چہرہ اوسکا آفتاب صبح گاہ
شاہزادہ دیکھیہ یک بوڑھی چڑیل
بھوتنی جادوگری مین طاق تھی
یک برس تک شاہزادہ بیخبر
شاہ روتا دیکھکر بیٹے کا حال
راتدن فریاد اور زاری کیا
چلکے آیا دور سے شہ کی حضور
بھوتنی غصہ سی کھا کر پیچ و تاب
بعدہٗ پھر باپ کی خدمت مین آ
شاہزادہ تب کہا انکار سے
اب مجھی بخشا خدا آب حیات
ای پسر مشتاق وہ شہزادہ ہی تو
رنگ و بو مبتلا کی وہ قحبائی پیر
عقل اُس مشکل کو حل کرتی اگر
جبتلک تو ہی اسیر پیر زال
جب تجھی دنیا کی دوری سخت ہی
ایک دم دیکھے اگر نور خدا
جہد کر ہستی کو اپنی بھول جا
کر طلب ہر دم فروغ حسن یار
گر نہین تو دور سی دیکھا سراب

مشتری کو لا ملایا ماہ سے
پھر ملاحت سے نمک مانگے پناہ
عشق مین اوسکے ہو پڑا تھا کر ذلیل
زن نہین یک قحبۂ آفاق تھی
پاؤن پر اوسکے ملے تھا اپنا سر
باپ پر ہنستا تھا بیٹا بی ملال
حق مناجات اُس دکھیا ریکا سنا
شاہزادی سے کیا وہ سحر دور
مر کے دوزخ کو گئی لینی عذاب
معذرت چاہا زمین بوسی کیا
مین ہوا بیزار اُس مردار سی
اُس بڈھی قحبہ سی پایا ہون نجات
بھوتنی دنیا نہ مل اُس سی کبھو
مکر سے کرتی ہی مردونکو اسیر
انبیا کو حق نہ کرتا راہبر
وہ عروس دین تجھی ملنا محال
دین سی جو دور ہی بدبخت ہی
جان و تن کو آگ دیویگی جلا
تب تجھی ہاتھ آویگا حق کا لقا
ہان نہو قانع بحکم مستعار
اسکو پانی بوجھ کرتا اضطراب

تشنہ لب پانی مین ہے تو نا امید
آب اقرب منہ من حبل الورید

بادشاہی ہے غلامی دوست کی
بندگی حق کی ہے شاہی سے بھلی

دیو ہے تو گر انا خیر کہے
خود نمائی شان شیطان بوجھیے

گر خودی کا ہے تجھے سودا ہے خام
تو خدا سے دور تر ہے والسلام

پس ہو مغرور اپنی بود پر
ڈھونڈھلے جلد سے کوئی اک آہ

سوزہ دوز سے اگر ہے تجھکو عار
ہان مبادا تو نہو آگے چمار

بندگی پیرونکی کمتر بوجھ مت
عشق حق تو کر طلب شیطان صفت

تو تکبر مین غلو اتنا نہ کر
یہ تکبر دل مین ہو زیر و زبر

جو ہوا انجام مین مسعود وار
عشق سے اسکو نہو یکدم قرار

خاک پا کو اونکی تو سرمہ بنا
تاکہ چشم دل کو تیرے ہو جلا

وہ بزرگی تجھکو بخشے گا خدا
تا کرے اہل جہان شیوہ تیرا

حق دیا ہے خاک کے پتلے کو تاب
ہے جہانگیر مین وہ جیون آفتاب

رکھ خدا سے التجا ہر بات مین
تا نہو تنزل تیری درکات مین

مناجات بیچ تنبیہ نفس کے

بول اپنے ہاتھ اوٹھا اے کردگار
معصیت سے مجکو مت رکھ شرمسار

تجھ سوا ہم اے خدا کس پاس جائین
تو نہین چاہا تو ہم کسکو کہائین

اس خودی مین ہے تجھے ستی حلال
جسمین ہین عکس صفات ذوالجلال

بندگی مین حق کی باندھ اپنی کمر
تاکہ ہو فربہ ولے با کر و فر

نفس سے فرعون اے کر سیرت
تا نہو مغرور وہ کافر صفت

گرچہ رووے یا پکارے زار زار
وہ نہو آخر مسلمان ہوشیار

تن کو تو فربہ نہ کر بکری مثال
تاکہ نا ہو جاوے خون تیرا حلال

خواب غفلت ہے یہ دنیا سر بسر
اسمین تو غافل نہو اے بیخبر

گر رہا ایک شہر مین ساری عمر
جو رہے پر اسکو جاتا بھول کر

خواب مین جب شہر دوسرا دیکھتا
بوجھتا شہر قدیمی ہے میرا

شہر کا اپنے نہین کرتا خیال
خواب مین ایسا ہے ہر ہر کا خیال

روح ایسا ہی مقام اپنے کو بھول
کیا عجب اس خواب مین گر ہو ملول

بیان آدمی کی پیدائش کی منزلونکا ابتدا سے

آدمی تھا اصل مین اول جماد
پھر نباتی مین گئے اسکے نہاد

سالہا وہ جھاڑ تھا یا گھانس پات
بھول بیٹھا سب جمادی پن کی بات

پھر نباتی سے ہوا حیوان جب
وہ نباتی پن بھلایا اسکو سب

لیک تھوڑی رغبت اسکو رہ گئی
باغ و بستان کے تماشے سیر کی

جسطرح مائل ہے کودک طرف
پھر نہ بوجھا سیر رغبت یکطرف

جز و کل اسکو دیا وہ عقل کل
وہ مثال سایہ ہے یہ شاخ گل

سایہ جب فانی ہو شاخ گل کے بیچ
پس کرے معلوم وہ سیر بیچ

پھر وہ حیوانی سے انسانی لیا
خلعت انسان اوسے خالق دیا

اسطرح ہر ہر مراتب سے گذر
اب ہوا ہے عاقل و دانا مگر

کچھ خبر اسکو نہ ان احوال سے
پھر بدلتا ہے عقل و حال سے

جسطرح سویا تو بھولا اگلی بات
اسکو اس نسیان سے ہوگی نجات

جائے جب یہ عقل پر حرص طلب
سو ہزاران عقل دیکھے بوالعجب

خواب سے پھر اسکو تم جبکو اٹھینگے — پھر اوسے تب کے کام یاد آئینگے
مر گئے کے بعد جانِ مستمند — اپنے قالب پر کریگا ریش خند

کیا سبب یہ ہین خواب مین مدہوش تھا — اس تنِ فانی سے ہم آغوش تھا
کیا سبب اسکو نہین جانا خیال — وہ سراسر خواب تھا اور تھا خیال

زندگی تیری خیال و خواب ہان — خواب کو وائم تو ہرگز مت پچھان
ناگہان جب آئیگی صبح اجل — جائینگے یہ سب خیالاتِ دغل

یاد کر اپنے تئین کو ہنس پڑے — جب نظر اپنی ٹھکانے پر کرے
خواب کے افعال تیرے سر بسر — جبکہ تو جاگے تجھے آوین نظر

زندگی کی خواب مین جو کچھ کیا — حشر مین تجکو بتاویگا خدا
خوابِ دنیا مین کیا جو کام تو — جاگنے سے آوین وہ سب روبرو

پس ترا خندہ ہے رونے سے بتر — اس جہان سے تو گیا ہے بد اگر
اس جہانکی گریۂ و زاری تیری — جاگنے پر بوجھ ہے وہ سب خوشی

گرچہ مارا ہے تو یوسف کو یہان — بھیڑیا ہو خواب سے جاگیگا وہان
یک بیک افعال تیرے گرگ ہو — پھر سے پھاڑینگے تیرے ہر عضو

قتل ناحق بعد مرنے کے تیرے — مت سمجھ گردن پہ تیرے نا رہے
یہان قصاص اُس قتل کا آسان ہے — وہان اگر ہو تو بلائے جان ہے

کیونکہ اس عالم کا جیسا ہے اودھار — زندگی ہے آخرت کی پائدار
حق کہا دنیا مثالِ لعب ہے — انتقام اس آخرت کا صعب ہے

عیب کہ اپنے پہ مت رکھ دین پر — دین کا سب کام حکمت ہے مگر

بیان یہ کہ بیچ مقام جمع کے تفرقہ باقی نہین

جبتک تو دور خالق سے رہا — تب تلک ہی جان پر تیرے بلا
جب ہوا نزدیک تو دولت ملی — عشق مین خفگی نہ کر تو کاہلی

تخت پر جب بیٹھتا ہے بادشاہ — چوطرف گھیرے کھڑی رہتی سپاہ
نیزۂ و شمشیر اور تیر و تبر — دیکھکر پھٹتا ہے شیرون کا جگر

پھر کے جب عشق ہے انکو بزم خاص — کب وہان ہووے مہابت یا قصاص
بلکہ حلم اور لطف رحمت ہے بجوش — وہان نہین غیر از صلائے نائے و نوش

شمع کب دیکھے ہے یا آفتاب — شمع پروانسے کب دیکھے عذاب
تفرقہ اوٹھ جائے اور شرکِ دوئی — عالمِ وحدت ہے وصلِ معنوی

موسیٰ و ہارون رہین زیر زمین — ایک ہو مانند شیر و انگبین

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنۃ کہ ان ایام مسعود و ساعت محمود مین یہ کتاب مستطاب ترجمۂ منطق الطیر المسمّٰی بہ پنچھی نامہ حسن اہتمام سے حسن وقع [illegible] عظیم، مالک مطبع کریمی و فتح الکریم یعنی قاضی عبد الکریم ابن المرحوم قاضی نور محمد صاحب تاجر کتب کے باضافۂ (ضمیمۂ کتاب) مطبع نامی کریمی واقع بمبئی بھائیکھلہ ڈلائل روڈ قاضی بلڈنگ نمبر ۱۰۸×۱۱۰ مین زیور طبع سے آراستہ و پیراستہ ہو کر سنہ ۱۳۲۶ھ تو باشاعت مالک مذکور اوسی مطبع سے شایع ہوئی